آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 26 دسمبر 2020ء بمطابق 10 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 354

دنیا کی کوئی قوت پاکستان کو ختم نہیں کرسکتی

آرمی چیف

بابائے قوم کے یوم ولادت پر اپنے پیغام میں کہا کہ پوری قوم قائداعظم کا یوم پیدائش بھرپور جوش و جذبہ سے منارہی ہے

قوم قائد کی امید، جرات اور اعتماد کے پیغام پر عمل پیرا ہے، ایمان ، اتحاد، نظم و ضبط ہمیشہ ہمارے بنیادی اصول رہے

ایمان، اتحاد، نظم وضبط ہمیشہ ہمارے بنیادی اصول رہے جب کہ دنیا کی کوئی قوت پاکستان کو ختم نہیں کرسکتی، جنرل قمر جاوید باجوہ کا یوم قائد پر پیغام

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر قوم کے نام پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا کی کوئی قوت پاکستان کو ختم نہیں کر سکتی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق اپنے پیغام میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ دنیا کی کوئی قوت پاکستان کو ختم نہیں کرسکتی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم قائداعظم محمد علی جناح کا یوم پیدائش بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ منا رہی ہے۔ آرمی چیف کا کہنا ہے کہ ایمان، اتحاد، نظم وضبط ہمیشہ ہمارے بنیادی اصول رہے ہیں۔ جنرل قمر جاوید باجوہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع: فجر صبح	05:45
اہل تشیع: ظہرین	12:30
اہل تشیع: مغربین	6:15

زیارت وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان یوم قائداعظم ریذیڈنسی میں منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ہمیں مایوسی، بیڈ گورننس کے خاتمے کیلئے مشترکہ کوششیں اور کام کرنا ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان

آج کے دور میں ہماری شناخت پاکستان ہے پاکستان کمزور ہوگا تو نقصان عوام کو ہوگا حالات کو دیکھ کر اکثر لوگ مایوس ہوجاتے ہیں ہمیں مایوسی بیڈ گورننس کے خاتمے لئے مشترکہ کوششیں اور کام کرنا ہوگا

اگر ہم غور وفکر کریں تو ملک کو بہت آگے لے جاسکتے ہیں جہاں احساس نہ ہو وہاں ترقی نہیں ہوتی، ہم پاکستان کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں پر جواب دہ ہیں ہمیں تنگ نظری تعصب اور نفرت کو ختم کرنا ہوگا

قائداعظم محمد علی جناح خطے کے عظیم لیڈران کے نقش قدم پر چل کر اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ انصاف کرنا ہوگا، زیارت آکر ہمیں پاکستانیت کا احساس ہوتا ہے' جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح خطے کے عظیم لیڈران کے نقش قدم پر چل کر اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ انصاف کرنا ہوگا، زیارت آکر ہمیں پاکستانیت کا احساس ہوتا ہے، آج کے دور میں ہماری شناخت پاکستان ہے پاکستان کمزور ہوگا تو نقصان عوام کو ہوگا حالات کو دیکھ کر اکثر لوگ مایوس ہوجاتے ہیں ہمیں مایوسی بیڈ گورننس کے خاتمے لئے مشترکہ کوششیں اور کام کرنا ہوگا اگر ہم غور وفکر کریں تو ملک کو بہت آگے لے جاسکتے ہیں جہاں احساس نہ ہو وہاں ترقی نہیں ہوتی، ہم پاکستان کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں پر جواب دہ ہیں ہمیں تنگ نظری تعصب اور نفرت کو ختم کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت ریذیڈنسی میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی پیدائش 25 دسمبر کی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

آکرونا وائرس مزید 85 افراد چل بسے 2152 نئے کیسز رپورٹ

کورونا مریضوں کی تعداد کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں پاکستان ایک بار پھر 29 ویں نمبر سے 28 ویں پر آگیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں مزید 85 افراد کورونا وائرس کی وبا کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، جن میں 53 کورونا مریض وینٹی لیٹر پر تھے۔ این سی او سی کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 2020 کے دوران بم دھماکوں ودیگر واقعات میں 403 افراد جاں بحق ہوئے

84 افراد کی لاشیں ملیں، 39 افراد نے خودکشی کرکے اپنی زندگیوں کا خاتمہ کیا، سرکاری اعداد وشمار

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سال 2020 کے دوران بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ سمیت جرائم کے مختلف واقعات سے متعلق رپورٹ جاری مختلف واقعات میں بچوں اور خواتین سمیت 403 افراد جاں بحق ہوئے، اس کے علاوہ 84 افراد کی لاشیں ملیں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کوہلو میں لیویز فورس کی کاہان کے علاقے میں تخریب کاروں کے ٹھکانے پر کارروائی، بھاری تعداد میں اسلحہ و گولا بارود برآمد کرلیا گیا ہے

کوہلو (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوہلو ممتاز گھنجر ان اور اسسٹنٹ کمشنر عبدالستار مینگل نے کوہلو میں ڈی سی ہاؤس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے صحافیوں کو بتایا ہے کہ لیویز فورس نے حساس ادارے کی خفیہ اطلاع پر کاہان کے علاقے سوراف نالہ میں تخریب کاروں کے ٹھکانے پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بھاری

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: کرسمس کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور دنیش کمار ڈولیمبر برکت ناصر مسیح ایف سی بریگیڈ کیپٹن عرفان بٹ کیک کاٹ رہے ہیں

صرف محنتی شخص ہی مشکل مقصد حاصل کرسکتا ہے، صدر مملکت عارف علوی

بچے قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر عمل ہی ہو کر ہر شعبے میں علم اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں اور ملک کو عروج پر پہنچائیں

والدین اور اساتذہ ابتدائی عمر سے ہی نوجوان نسل کی کردار سازی میں اپنا کردار ادا کریں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ بچے قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر عمل ہی ہو کر ہر شعبے میں علم اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں اور ملک کو عروج پر پہنچائیں۔ ایوان صدر میں یوم قائد کی مناسبت سے "قائد اور بچے" کے عنوان سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ بچے قائداعظم محمد علی جناح کے اصولوں پر عمل ہو کر ہر شعبے میں علم اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں اور ملک کو عروج پر پہنچائیں، بچے قائداعظم کی زندگی کا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پاکستان اور اسکے آئین میں اقلیت کو جو حقوق دیئے گئے ہیں ان پر مکمل عمل درآمد جاری ہے، سردار یار محمد رند

خوش آئند بات یہ ہے کہ آج تک پاکستان نے مسیحی برادری سمیت دیگر مذہبی اقلیتوں کو برابر کا شہری سمجھا ہے وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے کرسمس کے پرمسرت موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے یہاں جاری بیان میں کہا ہے کہ آج کے دن ہم بھی اپنے مسیحی بھائیوں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق تین زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق تین زخمی۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ دو افراد جھلس کر زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ دو افراد جھلس کر زخمی۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ژوب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

ژوب (این این آئی) ژوب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو کوئٹہ کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ملک بھر کی طرح راولپنڈی میں بھی مسیح برادری کرسمس کا تہوار مذہبی عقیدت واحترام سے منایا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ملک بھر کی طرح راولپنڈی میں بھی مسیح برادری کرسمس کا تہوار مذہبی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں ہفتہ اور اتوار کو بارش اور برف باری کی پیش گوئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں ہفتہ اور اتوار کو بارش اور برف باری کی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پشاور میں ٹی ڈی ملاکنڈ ریجن کی کارروائی، بڑی مقدار میں بارودی مواد برآمد، دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا

پشاور (این این آئی) سی ٹی ڈی ملاکنڈ ریجن نے اہم کارروائی کرتے ہوئے بڑی مقدار میں بارودی مواد

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے آئی ایٹی سی سینٹر میں پاکستان کے تیار کردہ وینٹی لیٹر کی آزمائش کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تیار کردہ وینٹی لیٹر کے اولین موڈیل (پروٹوٹائپ) میں درآمد شدہ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بین المذاہب ہم آہنگی اور ایک دوسرے کے عقائد ونظریات کے احترام کے ذریعے ہی امن اور ترقی کے عمل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے، صادق سنجرانی

ملکی ترقی وخوشحالی اور دنیا بھر میں امن کے فروغ کیلئے بین المذاہب ہم آہنگی انتہائی ناگزیر ہے، چیئرمین سینٹ مسیحی برادری کیلئے پیغام

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ بین المذاہب ہم آہنگی اور ایک دوسرے کے عقائد ونظریات کے احترام کے ذریعے ہی امن اور ترقی کے عمل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ مسیحی برادری کیلئے کرسمس تہوار کے موقع پر اپنے پیغام

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 33 کیس رپورٹ، متاثرہ افراد کی تعداد 18061 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 33 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 18061 ہوگئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق صوبے کے 7 اضلاع سے جمعہ کو کورونا وائرس کے 33 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گوجرانوالہ امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان میں 403 افراد جاں بحق ہوئے

جے یو آئی نے مولانا شیرانی، خاجسین وظ سمیت 4 رہنماؤں کو پارٹی سے نکال دیا

مولانا شیرانی کی بات کو اسٹیبلشمنٹ، پی ٹی آئی سپورٹ کررہی ہے، حکومت اپنے استعفیٰ اور عام انتخابات کا اعلان کرے پھر بات چیت ہوسکتی ہے، میڈیا سے گفتگو

جماعت سے خارج کیے گئے افراد کو فیصلے کی کاپیاں بھجوادی گئی ہیں، ان کے بیانات اور رائے کا پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، ترجمان اسلم غوری کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے پارٹی فیصلوں سے انحراف کرنے پر مولانا محمد خان شیرانی اور حافظ حسین احمد سمیت 4 رہنماؤں کی پارٹی رکنیت ختم کردی۔ پارٹی کے مرکزی ترجمان محمد اسلم غوری نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مولانا محمد خان شیرانی، حافظ حسین احمد، مولانا گل نصیب خان اور مولانا شجاع الملک کو پارٹی سے خارج کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی مجلس شوریٰ کی انضباطی کمیٹی نے مولانا عبدالقیم باچیوی کی صدارت میں یہ متفقہ فیصلہ کیا، جبکہ قائم مقام امیر مولانا محمد یوسف کی صدارت میں مرکزی مجلس عاملہ اور صوبائی امراء وانتظامیہ نے اجلاس میں فیصلے کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

خوش نصیب ہوں کہ ایک آزاد ماحول میں آنکھیں کھولیں، وزیراعظم

25 دسمبر کو محمد علی جناح کی پیدائش ہوئی تو ایک قابل فخر قوم کا وجود میں آنا مقدر بنا

محمد علی جناح کا برصغیر کے مسلمانوں کے لیے وژن تھا جس کے ذریعے پاکستان کا قیام عمل میں آیا، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے قائداعظم کی سالگرہ پر اپنے پیغام میں کہا کہ خوش نصیب ہوں کہ ایک آزاد ماحول میں آنکھیں کھولیں۔ قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر وزیراعظم عمران خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ 25 دسمبر کو محمد علی جناح کی پیدائش ہوئی تو ایک قابل فخر قوم کا وجود میں آنا مقدر بنا۔ انہوں نے کہا کہ میں خوش نصیب ہوں کہ ایک آزاد ماحول میں آنکھیں کھولیں، خدا نے یہ ماحول ہمیں محبوب قائد کے ذریعے دیا۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ محمد علی جناح کا برصغیر کے مسلمانوں کے لیے وژن تھا جس کے ذریعے پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔ عمران خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ باطور قوم کا نمائندہ میں قائداعظم سے بھرپور عقیدت اور محبت کا اظہار کرتا ہوں، انسانی تاریخ میں چند ہی افراد کو ایسی شہرت ملی جیسی ہمارے قائداعظم کو نصیب ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کا اخلاقی اور جمہوری کے شکار لوگوں کو ایک قوم بنانے کا عزم معجزہ تھا، قائد کو خدا اور اپنے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بانی پاکستان کے یوم پیدائش پر عزم کا عہد کرتے ہیں کہ اس ملک کو ایک مثالی ملک بنائیں گے، اعجاز شاہ

فرقہ واریت اور شدت پسندی جیسے ملک دشمن عناصر چھٹکارا حاصل کرکے ایک متحد اور یکجا قوم بن کر آگے بڑھنا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انسداد دہشت اعجاز احمد شاہ نے کہا ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر ہم اس عزم کا عہد کرتے ہیں کہ اس ملک کو ایک مثالی ملک بنائیں گے۔ یوم قائد اور کرسمس کے موقع پر وفاقی وزیر انسداد دہشت اعجاز احمد شاہ نے اپنے بیان میں کہا کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر ہم اس عزم کا عہد کرتے ہیں کہ اس ملک کو ایک مثالی ملک بنائیں گے۔ اعجاز شاہ نے کہا کہ پاکستان اور دنیا میں موجود تمام مسیحی برادری کو کرسمس کی خوشیوں کی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک ہم سب کا ہے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند پریس کانفرنس کررہی ہیں

گوجرانوالہ نے ہمیشہ تحریکوں میں اہم کردار ادا کیا، سراج الحق

بے روزگاری اور مہنگائی اس وقت عروج پر ہے، کوئی استعفیٰ دے یا نہ دے اس سے غریب عوام کو کوئی فرق نہیں پڑتا، میڈیا سے گفتگو

گوجرانوالہ (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ گوجرانوالہ پہلوانوں کا شہر ہے اور اس شہر نے ہمیشہ تحریکوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ گوجرانوالہ میں جماعت اسلامی کے جلسے سے قبل امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے مرید کے میں نماز جمعہ ادا کی، نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 22 کروڑ عوام ایک دلدل میں پھنس چکے ہیں، ملک میں ظلم ہو رہا ہے، ہم مایوسی میں امید کی شمع جلانے جا رہے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

قوم کی ذمہ داری ہے کہ وہ قائداعظم کے خواب کو سمجھے، بلاول بھٹو

ملک کو سلیکٹڈ وکٹھ پتلیوں کے لیے ٹریننگ کی فیکٹری بنانے کے بجائے مضبوط قیادت کی ضرورت ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ قائداعظم کے خواب کو مکمل طور پر سمجھے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے قائداعظم محمد علی جناح کے 145 ویں یوم پیدائش پر اپنے پیغام میں کہا کہ متحدہ ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے الگ ملک بنانے والے لیڈر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو سلیکٹڈ وکٹھ پتلیوں کے لیے ٹریننگ کی فیکٹری بنانے کے بجائے مضبوط قیادت کی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

تحریک کی سربراہی کرنے والے شخص کی اپنے گھر میں عزت نہیں، وزیراطلاعات

پی ڈی ایم کی موومنٹ دم توڑ رہی ہے، کوئی استعفیٰ دینا چاہ رہا ہے کوئی نہیں، تحریک کی سربراہی کرنے والے شخص کی اپنے گھر میں کوئی عزت نہیں ہے

مولانا شیرانی اور حافظ حسین احمد نے مولانا فضل الرحمن کو راہ راست پر آنے کا کہا تو پارٹی سے ہی نکال دیا، مولانا فضل الرحمن کا رویہ غیر جمہوری اور فاشسٹ ہے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی موومنٹ دم توڑ رہی ہے، کوئی استعفیٰ دینا چاہ رہا ہے کوئی نہیں دینا چاہ رہا، تحریک کی سربراہی کرنے والے شخص کی اپنے گھر میں کوئی عزت نہیں ہے آ، مولانا شیرانی اور حافظ حسین احمد نے مولانا فضل الرحمن کو راہ راست پر آنے کا کہا تو پارٹی سے ہی نکال دیا، مولانا فضل الرحمن کا رویہ غیر جمہوری اور فاشسٹ ہے، الیکشن میں دھاندلی کے ثبوت ہیں تو پیش کریں، پی ڈی ایم اب تک دھاندلی کا کوئی ثبوت پیش نہیں کرسکی اور نہ ہی کرسکے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے وفاقی وزیر امور کشمیر علی امین گنڈاپور کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے مسیحی برادری کو ان کے مذہبی تہوار پر مبارکباد اور بانی پاکستان قائداعظم کو یوم پیدائش پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں اس وقت ایک تحریک چلی تھی جو پی ڈی ایم کے نام سے جانی جاتی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وزارت آئی ٹی کی شاندار کارکردگی: آئی ٹی انڈسٹریز میں 65 کروڑ ڈالرز کی برآمدی ترسیلات، ریکارڈ 38 فیصد اضافہ

گذشتہ مالی سال کے جولائی تا نومبر میں یہ حجم 469 اعشاریہ 713 ملین ڈالرز کا تھا جس میں اس مرتبہ 38 فیصد سے زائد اضافہ دیکھا گیا

ہم پر وہ قوم فخر ہے جس نے ٹیکنالوجی پاکستان اور اپنی قوم کو کامیابی اور ملک کی عزت کو انجام حاصل ہو، وفاقی وزیر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کی شاندار کارکردگی کی بنا پر 5 ماہ میں ریکارڈ 648 اعشاریہ 840 ملین ڈالرز کی برآمدی ترسیلات 38 اعشاریہ 16 فیصد کی شرح حاصل کرلی گئی، گذشتہ مالی سال کے جولائی تا نومبر میں یہ حجم 469 اعشاریہ 713 ملین ڈالرز کا تھا جس میں اس مرتبہ 38 فیصد سے زائد اضافہ ہوا ہے، اس طرح گذشتہ دو برسوں میں اضافے کی شرح 13 سے بڑھ کر 38 فیصد تک جا پہنچی، پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کے تحت ریکارڈ برآمدی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

پاک آرمی میں بطور کیپٹن شمولیت اختیار کرنے کے لیے آن لائن رجسٹریشن کی آخری تاریخ 8 جنوری مقرر

سکھر (این این آئی) پاک آرمی میں بطور کیپٹن شمولیت اختیار کرنے کے لیے ڈائریکٹ شارٹ سروس کمیشن اپریل 2021 کی آن لائن رجسٹریشن کی تاریخ 21 دسمبر 2020 تا 08 جنوری 2021 مقرر کی گئی ہے۔ آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سینٹر ہاؤں عاقل کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق مندرجہ بالا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان پاکستان کی معیشت کیلئے انتہائی اہم ہے، شیخ رشید

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری ہیں

وفاقی وزارت داخلہ اس سلسلے میں اپنا کام تندہی سے کررہی ہے، وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے گزشتہ روز وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سے اسلام آباد میں ون آن ون ملاقات کی اور انہیں وفاقی وزارت داخلہ کا قلمدان سنبھالنے پر مبارکباد دی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے ملک کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جبکہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے وفاقی وزارت داخلہ کے اداروں کی کارکردگی پر بھی گفتگو ہوئی وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری ہیں اور وفاقی وزارت داخلہ اس سلسلے میں اپنا کام تندہی سے کررہی ہے کیونکہ بلوچستان کی معیشت کیلئے وفاقی وزارت داخلہ کے اداروں کی

پی ڈی ایم کا سربراہی اجلاس دو جنوری کو طلب، حتمی انتخابات میں حصہ لینے یا نہ لینے کا حتمی فیصلہ کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم کا سربراہی اجلاس دو جنوری کو طلب کرلیا گیا، سربراہی اجلاس مولانا فضل الرحمان کی زیر صدارت لاہور میں ہوگا۔ ذرائع کے مطابق حتمی انتخابات میں حصہ لینے یا نہ لینے کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق استعفوں، سندھ اسمبلی کے استعفوں، سینٹ انتخابات، لانگ مارچ سمیت تحریک کے آگے کے پلان پر مشاورت اور اہم فیصلے کئے جائیں گے۔

اسرائیل سے معاہدے سیاسی غلطی ہے، حماس کا 30 ممالک کے سربراہان کو خط

اسرائیل کو تسلیم کرنا ایک بڑا سیاسی جرم اور غلطی ہے جو فلسطینی قوم کے حقوق کی قیمت پر کی جارہی ہے، مکتوب

مقبوضہ غزہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ھنیہ نے 30 مسلمان اور عرب ممالک کے سربراہان کو مکتوب ارسال کیا ہے جس میں انہوں نے ان ملکوں کی قیادت سے اسرائیل کے ساتھ تعلقات استوار نہ کرنے پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنا ایک بڑا سیاسی جرم اور غلطی ہے جو فلسطینی قوم کے حقوق کی قیمت پر کی جارہی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے مکتوب میں اسماعیل ھنیہ نے کہا کہ اس وقت قضیہ فلسطین کے حال، مستقبل

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کراچی: بینک میں ڈکیتی کے بعد سیکرٹی اہلکار ہائی الرٹ کھڑے ہیں

بلوچستان عوامی پارٹی اور صوبائی حکومت میں کسی قسم کا اختلاف نہیں، شیرازندہ

حکومت کو کوئی خطرہ نہیں خائف عناصر من گھڑت پروپیگنڈہ کرتے رہتے ہیں

بلوچستان عوامی پارٹی نے سینٹ انتخابات کی بھرپور تیاری شروع کردی ہے، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات اشرفی رند نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی اور صوبائی حکومت میں کسی قسم کا اختلاف نہیں ہے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں خائف عناصر من گھڑت پروپیگنڈہ کرتے رہتے ہیں بلوچستان عوامی پارٹی نے سینٹ انتخابات کی بھرپور تیاری شروع کردی ہے پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں سینٹ انتخابات سے قبل جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے مستعفی ہوں کورونا وائرس کی صورتحال خطرناک ہورہی ہے اگر پی ڈی ایم 2 ماہ تک چلے ملتوی کردے تو کوئی حرج نہیں، کریر بلوچ کی موت پر افسوس ہے صوبائی اور وفاقی حکومتیں کینیڈین

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتیں اپنی کرپشن اور لوٹ مار پر این آر او چاہتی ہیں، سوری قاسم

پارلیمانی بیروزگاروں کو اگر آج این آر او کی امید ہو جائے تو ان کی ساری تحریکیں ختم ہو جائیں گی

وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، ڈپٹی اسپیکر

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف اور اپوزیشن جماعتوں میں اصولوں کی جنگ ہے، اپوزیشن جماعتیں اپنی کرپشن اور لوٹ مار پر این آر او چاہتی ہیں، پارلیمانی بیروزگاروں کو اگر آج این آر او کی امید ہو جائے تو ان کی ساری تحریکیں ختم ہو جائیں گی، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری کی دعوت پر گزشتہ شام سینٹرل لیگل کمیٹی پاکستان تحریک انصاف کے وفد نے کنوینر نیہا ہیم کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا، وفد میں بائیکوٹ اور سپریم کورٹ کے سینئر وکلاء شامل تھے۔ وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس کے مختلف حصے دکھائے گئے۔ سینٹرل لیگل کمیٹی پاکستان تحریک انصاف کے وفد نے پاکستان میں مختلف

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ملک میں ایک ہفتے میں مہنگائی میں 0.11 فیصد اضافہ

ایک ہفتے میں 20 اشیاء ضروریہ مہنگی ہوگئیں جبکہ چینی اور آٹے کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا

کراچی (این این آئی) ادارہ شماریات نے مہنگائی کے حوالے سے ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق ملک میں ایک ہفتے میں مہنگائی میں 11.0 فیصد اضافہ ہوگیا۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کی گئی مہنگائی کے حوالے سے ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں 20 اشیاء ضروریہ مہنگی ہوگئیں جبکہ چینی اور آٹے کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا، چینی اوسطاً 13 پیسے فی کلو مزید مہنگی ہوگئی اور چینی کی اوسط قیمت بڑھ کر 82 روپے 6 پیسے فی کلو ہوگئی جبکہ آٹے کی 20 کلو تھیلا 5 روپے 53

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: سابق وفاقی وزیر حسن اقبال تقریب سے خطاب کررہے ہیں

تریلا قازی: مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس کے موقع پر پولیس کی جانب سے فول پروف سیکورٹی انتظامات

تریلا قازی (این این آئی) مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس کے موقع پر پولیس کی جانب سے فول پروف سیکورٹی انتظامات کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق قازی پولیس کی جانب سے مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کسٹمز اور ایف سی حکام کی لکپاس پر کارروائی، 70 ہزار لیٹر ایرانی ڈیزل برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹمز اور ایف سی حکام کی لکپاس پر کارروائی 70 ہزار لیٹر ایرانی ڈیزل برآمد گزشتہ 45 دنوں میں مختلف کارروائیوں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

26 دسمبر 2020ء

اپوزیشن جماعتیں این آر او چاہتی ہیں

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ تحریکِ انصاف اور اپوزیشن جماعتوں میں اصولوں کی جنگ ہے، اپوزیشن جماعتیں اپنی کرپشن اور لوٹ مار پر این آر او چاہتی ہیں، پارلیمانی بیروزگاروں کو اگر آج این آر او کی امید ہو جائے تو ان کی ساری تحریکیں ختم ہو جائیں گی، ہماری حکومت کو آئے ہوئے سوا دو سال ہوئے ہیں اس دوران ہماری پوری کوشش رہی ہے کہ عوامی مفاد میں زیادہ سے زیادہ قانون سازی کی جائے۔ ہم نے گزشتہ دنوں فیٹف کا قانون بھی پاس کروایا اور ابھی وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ وہ سینیٹ کے انتخابات میں شو آف ہینڈ کا قانون لانا چاہتے ہیں اور ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ہم قومی اسمبلی اور سینیٹ میں اس قانون کو پاس کروا سکیں چونکہ ہمیں دو تہائی اکثریت حاصل نہیں ہے اس لیے ہم اپوزیشن سے بھی یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ اس شفاف قانون سازی کے حق میں اپنا حصہ ڈالے گی۔ سینیٹ میں شو آف ہینڈ کے قانون سے کرپشن کا خاتمہ ہوگا، پاکستان تحریکِ انصاف کی کوشش ہے کہ انصاف اور بنیادی سہولیات کو نچلی سطح تک پہنچایا جائے۔ آج حکومت کی بہترین پالیسیوں کے باعث ہماری ایکسپورٹ انڈسٹری کے پاس ان کی پروڈکشن کی استطاعت سے کئی گنا زیادہ آرڈرز ہیں اور کئی دھائیوں سے بند فیکٹریاں اب دن رات چل رہی ہیں، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ پہلی مرتبہ ختم ہوا جون سے ہم نے کوئی نیا قرضہ نہیں لیا ہے اور کورونا کے باوجود ہماری معیشت صحیح سمت میں گامزن ہے۔ حکومت کی درست پالیسیوں کے باعث اپنے ہمسایہ ملک افغانستان کے ساتھ تعلقات بہت اچھی سمت میں گامزن ہیں اور افغانستان میں مستقل قیامِ امن کی کوششوں کی کامیابی میں پاکستان کا اہم ترین کردار ہے، ایران کے ساتھ ہمارے برادرانہ تعلقات مزید مستحکم ہوئے ہیں اسی طرح تمام اسلامی ممالک اور دیگر دنیا کے ساتھ ہمارے تعلقات وزیر اعظم عمران خان کی بہترین قائدانہ صلاحیتوں کے باعث بہت اچھے ہو رہے ہیں، وزیر اعظم عمران خان نے جس طرح کشمیر کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر لڑا ہے اس کی مثال نہیں ملتی ہے۔

عشق حقیقی

محبت بھی کیا چیز ہے جس کے دل میں موجزن ہو جائے دنیا کا ہر عیش و آرام اس کے سامنے ہیچ ہو جاتا ہے یہ جذبہ ہر جذبے پر حاوی ہے درویش اپنی دھن میں کہے جا رہا تھا یہ الگ

بات ہے کہ آج محبت اور ہوس میں لوگ تمیز کرنا بھول گئے ہیں کہاں محبت جیسا لطیف جذبہ جہاں اپنی ذات کی نفی ہو جاتی ہے کہاں ہوس صرف اپنے فائدے متعلق سوچتے رہنا ہوس انتہا درجے کا لالچ ہے محبت میں انسان صرف اپنے محبوب کے بارے میں سوچتا ہے دھیرے دھیرے جلنے اور صندل کی آگ کی طرح سلگنے کا اپنا ہی مزہ ہے ہر طرح کا خوف، ڈر، لالچ دل سے نکل جاتا ہے انسان اپنی محبت کی خاطر پہاڑ سے بھی ٹکرانے سے نہیں ڈرتا۔ غور کرو سوچو محبت میں مضطرب رہنا کیسا لگتا ہے؟ یہ وہی جانتے ہیں جن کے دلوں میں پیار کے گلاب کھل اٹھے ہوں۔ درویش نے ادھر ادھر نظر دوڑائی اور بڑی متانت سے کہا محبت کے کئی درجے ہیں ہر درجے کا اپنا مقام ہے لیکن یار رکھنے کی بات یہ ہے کہ عاشق صادق ہی اس کی معراج پر پہنچتے ہیں عشق مجازی ہو یا عشق حقیقی دونوں کی الگ الگ لذت ہے پیار جب محبت میں تبدیل ہوتا ہے تو خود کو کچھ کچھ ہوش باقی رہتا ہے مطلب یہ کہ محب اور محبوب صرف ایک دوسرے بارے سوچتے ہیں اس سے اگلا مقام عشق کا ہے جہاں اپنے آپ سے بے نیازی کا عمل ہونا شروع ہو جاتا ہے پھر جنوں تو عشق کی معراج ہے یہ وہ مقام ہے جہاں اپنی ذات کی نفی ہو جاتی ہے صرف محبوب یاد رہتا ہے کاروبار زندگی کا پھر کہاں ہوش ہوتا ہے اس عالم میں اضطراب اتنا بڑھ جاتا ہے کہ وحشت ہونے لگتی ہے یہ کیفیت فنا اللہ کی ہے یہی کامل، اکمل اور مکمل عشق ہے یہ عشق ہر کسی کا نصیب نہیں ہوتا دنیا دار اس کے گرد تک نہیں پہنچ سکتے اسی بارے قادر مطلق کے فرمان کو علامہ اقبالؒ نے اپنے مفہوم میں بیان کیا ہے

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ

درویش نے بڑی گہری سانس لے کر کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے ایک خوش پوش نوجوان اپنے باغ کو پانی دے رہا تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام وہاں سے گزرے اس نے راستہ روک کر سلام عرض کیا پھر دست بستہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے التجا کی کہ اے اللہ کے نبی اب کی بار آپ اللہ سے ہم کلام ہوں تو میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ پاک اپنی محبت میں سے ایک ذرہ محبت مجھے عطا فرمائے کیونکہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تاکہ میرے دل میں بھی اللہ کی محبت کی فروزاں ہو جائے۔ یہ سن کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تو نے بہت بڑی بات کہہ دی ہے تیری یہ خواہش بڑی عجیب و غریب ہے تو ایک ذرہ محبت کا بھی متحمل نہیں ہو سکتا۔ نوجوان نے دوبارہ التجا کی کہ پھر اللہ پاک مجھے اپنی محبت کا آدھا ذرہ ہی عطا کر دے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے وعدہ کر لیا پھر آپ کوہ طور پر تشریف لے گئے تو اللہ کے حضور نوجوان کی خواہش کا اظہار کر کے دعا فرمائی کہ اے پروردگار تعالیٰ تو اسے اپنی محبت میں سے نصف ذرہ عطا فرما دے اللہ تبارک تعالیٰ نے اس کی دعا قبول فرمائی پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام رخصت ہو گئے کافی عرصہ بعد اس نوجوان کے مکان پر آپ کا گزر ہوا تو انہوں نے اس کے متعلق دریافت کیا تو لوگوں نے بتایا وہ پاگل اور دیوانہ ہو گیا ہے اسے کچھ کھانے کی ہوش ہے نہ پینے کی ایک خوش لباس نوجوان کہ نہ جانے کیوں کا یا پلٹ گئی وہ پہاڑوں پر چلا گیا ہے نہ جانے وہاں کیا کرتا ہے؟ پھر عیسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی یا باری تعالیٰ وہ نوجوان مجھے دکھا دے آپ کچھ دور ایک بیاباں جگہ سے گذر رہے تھے کہ وہ نوجوان آپ کو نظر آ گیا کہ وہ پہاڑ کی ایک اونچی چوٹی پر کھڑا تھا اس کے سر اور داڑھی کے بال بڑھ کر چھاتی سے آن ملے تھے کپڑے جگہ جگہ سے پھٹے ہوئے تھے نوجوان آسمان کی طرف منہ زور زور سے کچھ آوازیں دے رہا تھا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بڑی مشکل سے اس کے قریب پہنچے زور سے اسے سلام کیا لیکن وہ خاموش ہی رہا خالی خالی نگاہوں سے دیکھنے لگا اور کوئی جواب نہ دیا آپ نے پھر فرمایا میں عیسیٰ ہوں تو اس نوجوان نے کوئی جواب نہ دیا اسی اثناء میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی گئی کہ جس دل میں میری محبت کا نصف ذرہ موجزن ہو جائے وہ کیسے ہوش میں رہ سکتا ہے وہ تمہاری بات کیونکر سنے گا؟ مجھے قسم ہے میری عزت اور جلال کی کہ تو اس نوجوان کو آرے کے ساتھ اگر چیر بھی دے تو اس کو خبر بھی نہ ہوگی کہ تو کون ہے؟۔۔۔ درویش نے کہا عشق حقیقی میں تو انسان فنا اللہ ہو جاتا ہے اولیاء کرام کا بھی یہی مقام ہے دنیاوی لالچ، لوبھ، جاہ و حشمت ان کے سامنے ہیچ ہو جاتی ہے وہ اللہ سے لو لگا کر لوگوں کو انسانیت کی خدمت کا درس دیتے ہیں بادشاہی سے رغبت ان کے مزاج میں نہیں رہتی اسی لئے وہ جب اللہ کے حضور ہاتھ اٹھاتے ہیں تو ان کی دعا رد نہیں کی جاتی۔ یہ تو اللہ کے نبی کا واقعہ ہے ہمارے ارد گرد درجنوں واقعات اور کہانیاں بکھری پڑی ہیں ورنہ جائیں قیس کی ہی مثال لے لیجئے وہ ایک صحرا میں لیلیٰ لیلیٰ پکار رہا تھا ایک شخص نے اسے جھنجھوڑ کا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا تم پاگلوں کی طرح لیلیٰ لیلیٰ کی صدا لگا رہے تھے مجنوں کہیں کے۔۔۔ قیس نے کہا تم اللہ کی نماز پڑھ رہے تھے تم نے مجھے کیسے دیکھ لیا حالانکہ بخدا میں نے تمہیں نماز پڑھتے نہیں دیکھا۔ درویش نے بڑی متانت سے کہا یہ آپ سب کیلئے ایک درخواست ہے اپنے دلوں کو محبت کا گہوارہ بنا لو یقین جانو جہاں محبت موجزن ہو جائے اس دل سے نفرت، کدورت اور لالچ کا خاتمہ ہو جاتا ہے آج کے ماحول میں یہ بہت ضروری ہے محبت تو بھائی چارے کے فروغ میں بھی بڑی مدد معاون ہے اس سے ایک بہترین معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔

نایاب نسخہ

سید غلام حیدر شاہ قلندری

دوستو! تصوف ایک راستہ ہے اور ایسی تعلیم ہے جس کے ذریعے ایک لاعلم انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف لایا جاتا ہے۔ اس کو ایک سالک یعنی شاگرد کہا جاتا ہے۔ ویسے تو سالک کو استاد ریاضتیں کرواکر اس کی کیفیات کو تبدیل کروانے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن قلندرانہ مزاج کچھ اور ہے، وہ ایک سالک کو ظاہری زندگی میں ایک جدید طریقہ کار سے اپنی محبت میں لا کر اس کا برین واش (نظریہ تبدیل کرنا) کرتا ہے، جس سے اس کی ظاہری زندگی میں کوئی خلل نہ پڑے۔ اس کے ساتھ اس کی ذہنیت بھی تبدیل ہوتی رہے، وہ دنیا کے ساتھ بھی چلتا رہے اور رب کی طرف بھی کھنچتا چلا جائے۔ لیکن اس کا علم کسی کو نہ ہونے پائے، کیونکہ نفس میں کوئی شرارت پیدا نہ ہو، نماز روزہ دائمی فرائض ہیں، ان کی معافی تلافی نہیں ہیں، وہ ہر حال میں عائد ہیں، لیکن اس میں لذت اور خلوص کا شامل ہونا ہی روحانیت کہلاتا ہے، یہ مخصوص اشخاص کو بحیثیت سالک حاصل ہوتا ہے۔ جس کو ایک صاحب عرفان کی صحبت نصیب ہو اس کی طبیعت اور طرز زندگی میں عجیب سی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں۔

قلندریہ سلسلہ میں محبت محمدیہ ﷺ کی طرف باضابطہ ایک سالک کو لانے کے لیے درود پاک کی کثرت کرائی جاتی ہے، تاکہ وہ اس ہستی کے قریب تر قریب ہوتا جائے، اس ہستی کی تعلیمات کا اس کے اندر ایک شوق برپا ہوتا چلا جائے، وہ اپنی زندگی اس ہستی کی سوانح حیات پہ عمل کر کے گزارے۔ ایسے سالک سے پوری کائنات کو فائدہ ہوتا ہے، وہ فقط اپنی ذاتی عبادتیں کر کے اپنے آپ کو خوش نہیں کرتا، لیکن اس کا وجود ساری انسانیت کے لیے باعث غنیمت ثابت ہوتا ہے، وہ کچھ نہ کچھ کرتا رہتا ہے جس سے سب کو فائدہ پہنچے۔ ایسے لوگوں کو عرف عام میں صوفی بھی کہا جاتا ہے، جن کا ایک نایاب مقصد ہوتا ہے اپنی سوچ کو تبدیل کر کے ساری عبادتوں کے ساتھ ساتھ اللہ کی مخلوق کے لئے بھلائی کرنا ان کا مقصد ہوتا ہے۔

آدھا سچ

رؤف طاہر

محمود خان اچکزئی نے بیتار پاکستان پر 13 دسمبر کے جلسے میں ایسا کیا کہہ دیا کہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا میں جس پر طوفان برپا ہے اور سرکاری ترجمان جسے لاہوریوں (اور پنجابیوں) کی توہین اور ان کی عزت وغیرت کے منہ پر طمانچہ قرار دے رہے ہیں۔ ان کا کچھ گلہ انگریز راج کے حوالے سے تھا اور کچھ شکایت قیام پاکستان کے بعد کے حالات وواقعات کے سلسلے میں۔ انگریز راج کے حوالے سے ان کا کہنا تھا: ایک وطن تھا جو ان کے خلاف لڑا، وہ افغان پشتون وطن تھا دریائے آمو سے اباسین تک۔۔۔ برانہ مانیں، جہاں ہندوؤں اور سکھوں نے انگریز کا ساتھ دیا، وہاں تھوڑا سا ساتھ لاہوریوں نے بھی دیا۔ جلسے کے ہزاروں لاہوری (اور پنجابی) حاضرین اور سٹیج پر موجود قیادت نے بھی اسے بلوچستان سے آئے ہوئے مہمان کا دوستانہ گلہ سمجھ کر نظر انداز کیا اور مسکرا کر ٹال گئے کہ انہیں یہی رویہ زیبا تھا۔ ویسے بھی پشتون لیڈر نے لاہوریوں کے حوالے سے "تھوڑا سا ساتھ" کے الفاظ استعمال کئے تھے۔

ان سطور کے راقم نے کبھی اس کا اظہار نہیں کیا، لیکن اب موقع محل کی مناسبت سے عرض کئے دیتا ہوں کہ میں نجیب الطرفین پنجابی ہوں۔ میرے ننھیال اور ددھیال دونوں نے امرتسر سے ہجرت کی تھی۔ میرے بچے سو فیصد لاہوری ہیں کہ ان کا جم پل یہیں کا ہے اور خود مجھے بھی یہاں آئے ہوئے نصف صدی سے دو اڑھائی سال ہی کم ہیں کہ ہارون آباد (بہاولپور ڈویژن) سے وکالت کی تعلیم حاصل کرنے آیا تھا اور پھر یہیں صحافت کا ہو کر رہ گیا۔ ایک میڈیا ہاؤس سے فون آیا، اچکزئی کی طرف سے پنجابیوں کی اس توہین پر آپ کا تبصرہ؟ عرض کیا: "توہین نہیں، ایک دوست کی محبت بھری شکایت"۔۔۔

البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ محمود خان اچکزئی کی شکایت میں "آدھا سچ" ہے۔ پورا سچ یہ ہے کہ یہاں دو پنجاب تھے، انگریز کے وفاداروں کا پنجاب (کہنے والوں نے انہیں "ٹوڈی بچے" بھی کہا) جنہوں نے اس کے عوض بڑی بڑی جاگیریں حاصل کیں۔ ان میں بعض گدی نشین بھی تھے اور دوسرا حریت پسندوں کا پنجاب، جو قید و بند کی (جاری ہے)

زندگی کا مقصد سمجھیے

الیاس محمد حسین

ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ کمال کے پنجابی شاعر ہیں انہوں نے کیا خوب کہا ہے

جیون اے دکھ وڈا نا۔۔۔ تے اگ بیگانی سڑنا
مرنے دی خاطر جینا۔۔۔ تے جینے دی خاطر مرنا
جیون اے ڈھیئے ڈھونا جیون اے کھیہنا کھونا
جیون اے ٹردے رہنا۔۔۔ تے کوئی پڑاؤ نہ کرنا

ایک دوسرے کے کام آنا ایک اچھے معاشرہ کی تشکیل کا بنیادی نقطہ آغاز ہے دنیا کے ہر مذہب۔۔۔ ہر نبی اور درد دل رکھنے والے نے انسانیت کی بلا امتیاز خدمت کی تلقین کی ہے دین اسلام تو ہے ہی سراسر انسانیت کی فلاح کا مذہب ہے بدقسمتی سے انتہا پسندوں نے اسلامی تعلیمات کو مسخ کر کے رکھ دیا ہے پاکستان میں تو یہ صورت حال مزید ابتر ہو گئی ہے حالانکہ ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے آج ہمیں ایک قوم بننے کی ضرورت پہلے سے بھی کئی گنا زیادہ ہے

اخوت اس کو کہتے ہیں، کانٹا چبھے جو کابل میں
عرب کا ہر بیر و جواں ہے تاب ہو جائے

بدقسمتی سے ہم ایک قوم کے تقاضوں پر پورے نہیں اترتے مجھے تو محسوس ہوتا ہے جیسے ہم سب ہجوم ہیں، تماشائی ہیں ایک دوسرے کو دکھ میں مبتلا دیکھ کر خوش ہوتے رہتے ہیں اس کیفیت سے باہر نکلنے کیلئے کچھ نہیں کرتے۔ ہم قوم اس وقت بن سکتے ہیں جب لالچ، بغض، مفاد پرستی کے خول سے باہر آ جائیں ہم الحمدللہ مسلمان ہیں اور مسلمان کا سب سے بڑا وصف اخوت ہے، ہمدردی ہے، ایثار ہے، قربانی ہے اور محبت ہے اور یہی پیغام خلیل اللہ ہے، ہر عید کا درس ہے اور نبی معظم ﷺ کی تعلیمات۔۔۔ جن کو ہم نے فراموش کر دیا ہے

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کیلئے کم نہ تھے کروبیاں

ہر شخص بالخصوص ہر مسلمان میں یہی جذبہ کارفرما ہونا چاہیے کہ جس سے جتنی ہو سکے دکھی انسانیت کی خدمت ضرور کرے بلاشبہ اللہ رب العزت دلوں کے بھید جانتے ہیں ہمیں خلوص نیت سے بے لوث خدمت کرنا ہوگی۔۔۔ ہر دل کی خواہش ہونی چاہیے کہ میں کسی کے کام آ سکوں۔ بے بس، اپنے سے کمزور اور معاشرہ کے کچلے اور سسکتے لوگوں کی دعائیں لینا ہے اس میں کوئی سیاست، کوئی نمائش نہیں ہونی چاہیے یہ عمل صرف اور صرف اللہ اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کی خوشنودی کیلئے ہے کیونکہ اللہ تبارک تعالیٰ نے انسان کو ایثار و محبت کیلئے منتخب کیا یہی جذبہ اس کی تخلیق کی بنیاد ہے ہم تو پھر مسلمان ہیں جن کو حکم ہے کہ اگر تمہارا ہمسایہ بھوکا ہے تو تم کامل مسلمان نہیں۔۔۔ وہ سفید پوش، غریب مستحقین، نادار لوگ جو کم وسائل کی وجہ سے بے بس ہو گئے ہیں۔

وہی عظیم جس نے نئی شمع اک جلا دی

کے مصداق معاشرہ کے مخیر اور دل میں درد رکھنے والے ان کی بلا امتیاز خدمت کریں میرے خیال میں یہی عبادت ہے۔ حکومت بھی یہ بات بخوبی جانتی ہے کہ پاکستان کا اصل مسائل میں بڑا مسئلہ غربت ہے کہا جاتا ہے کہ بیشتر جرائم غربت کی کوکھ سے جنم لیتے ہیں۔ ملک کے طول و عرض میں ہونے والی چوری ڈکیتی، راہزنی اور قتل و غارت کی بڑی وجہ غربت ہے جس سے سماجی ناانصافیاں اور دہشت گردی میں مسلسل اضافہ ہے ایک عالمی ادارے کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا ہے اس وقت پاکستان میں 75% سے زائد شہری خط غربت سے بھی نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں خود ہمارے وزیر خزانہ نے اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے جب تک ٹیکس چوری ختم نہیں ہوتی ملک معاشی طور پر مستحکم نہیں ہوگا۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں اللہ تبارک تعالیٰ کو عاجز لوگ بہت پسند ہیں لیکن دولت مند عاجز انتہائی پسند ہیں جو لوگ مرنے کے بعد زندہ رہنا چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ صالح اعمال کریں کیونکہ درخت اپنے پھل اور انسان اپنے عمل سے پہچانا جاتا ہے۔ ہماری کوشش اور خواہش و بس یہی ہونی چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ سفید پوش، غریب، مستحقین، نادار لوگ جو کم وسائل رکھتے ہیں کی خدمت کریں تاکہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہم سے راضی ہو سکے یہی ایک مسلمان کا مقصود و حاصل ہے اللہ ہماری عاجزی کو قبول کرے (آمین) پاکستانی قوم کے بہتر مستقبل کیلئے حکمران تمام غیر ضروری اخراجات بند کر دیں، سرکاری وسائل کا بیدردی سے استعمال بند کیا جانا ضروری ہے، ہر شعبہ پر سادگی کو فروغ دیا جائے۔ تمام سرکاری محکموں کے خرچ کو کنٹرول کرنے کیلئے نئی حکمت عملی وضع کرنے کی شدید ضرورت ہے، وفاقی اور تمام صوبائی حکومتوں میں مختصر کابینہ بنائی جائے وزیروں مشیروں کی فوج ظفر موج، سرکاری محکموں میں نت نئی گاڑیاں خریدنا اور بیوروکریسی کا اختیارات سے تجاوز ہمارے ملکی وسائل کو چاٹ رہا ہے یہ وسائل عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کئے جائیں تو معاملات کافی بہتر کئے جا سکتے ہیں اس کیلئے درد دل رکھنے والی بااثر شخصیات کو آگے آ کر فعال کردار ادا کرنا ہوگا زندگی اللہ تبارک تعالیٰ کی عطا کردہ سب سے انمول نعمت ہے اس کی قدر کیجئے زندگی کے رموز و اسرار سمجھنے کیلئے ان لوگوں پر توجہ دیجئے شفقت کریں جو مسائل سے دوچار ہیں ان کا خیال کیجئے جو بے بس، بے کس اور مجبور ہیں کسی مستحق کی بے لوث خدمت روحانی خوشی عطا کرتی ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔

اپنے لئے تو سب ہی جیتے ہیں اس جہاں میں
ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

ذرا جرأت کے ساتھ

میرا سلم رند

ایک بار اکبر بادشاہ نے اپنے 9 رتنوں میں سے اپنے نہایت ہی عقل مند مشیر بیربل جس کا اور بینگل نام مہیش داس تھا اس نے تقریباً 30 سال اکبر بادشاہ کے ساتھ کام کیا ایک دن اکبر بادشاہ نے سوچا میں اکثر عقلمند انسانوں سے ملتا رہتا ہوں کیوں نہ آج اپنے سلطنت کے بیوقوف انسانوں سے مل لیا جائے کیونکہ ہر انسان اپنے آپ کو عقلمند سمجھتا ہے کوئی اپنے کو بیوقوف نہیں سمجھتا اس نے بیربل کو حاضر دربار کیا اور اس سے کہا مجھے ایسے 6 بیوقوف انسان شام تک پیش کرو جن کے سر پر سینگھ ہو میں دیکھنا چاہتا ہوں واقعی بیوقوفوں کے سر پر سینگھ ہوتے ہیں یا صرف یہ باتیں ہی بنی ہوئی ہے بیربل حیران ہوا بادشاہ سلامت نے یہ کیسی فرمائش کر دی بادشاہ اکبر مجھے ہی بیوقوف بنا رہے ہے اب جو حکم ہوا ہے کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی پڑے گا بیربل نے بادشاہ سے کہا میں کوشش کروں گا آپ کی فرمائش کو پورا کروں، کسی انسان کو بیوقوف سمجھنا ٹھیک نہیں کیونکہ ہر انسان دماغ استعمال کرتا ہے، پھر بیربل بیوقوفوں کی تلاش میں مارا مارا پھرنے لگا آخر اس نے دیکھا ایک شخص تالاب میں لیٹا ہوا تھا اور اپنے ہاتھ اوپر اٹھائے ہوا ہے بیربل نے اس پوچھا کیا چاہ رہے ہو اس شخص نے کہا میں اللہ چاہ رہا ہوں میں اپنی بیوی کے لئے کپڑا خریدنے جا رہا تھا اور غلطی سے اس تالاب میں گر گیا بیربل تم اپنے ہاتھوں کا سہارا کیوں نہیں لے رہے ہو اس نے کہا میں نے اپنے ہاتھوں کو تاپا ہوا ہے جتنا کپڑا میری بیوی کو چاہئے، اگر میں اپنا ہاتھ پانی میں ڈبو دوں تو میں اپنی بیوی کے لئے کپڑا نہیں لے سکوں گا تو بیربل نے کہا چلو میں تمہاری مدد کرتا ہوں بیربل نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا اور اللہ کا شکر ادا کیا کہ اللہ نے میری عزت رکھ لی اور اس آدمی سے کہا میرے ساتھ چلو اور کوئی سوال نہیں کرنا بیربل دل ہی دل میں دعا کر رہا تھا یا اللہ اس طرح کا ایک آدمی اور بھی مل جائے تو بہتر ہے اگر 6 نہیں تو دو ہی مل جائے وہ بھی ٹھیک ہے ابھی وہ سوچ رہا تھا کہ سامنے سے ایک شخص گھوڑا پر آ رہا تھا اس نے سوکھی گھاس کا گھٹڑا اپنے سر پر رکھا ہوا تھا بیربل نے اسے کہا تم یہ گھٹڑا اپنے گھوڑے کے زین پر کیوں نہیں باندھتے؟ اس نے کہا صاحب میرا گھوڑا کمزور ہے وزن برداشت نہیں کر سکتا اس لئے میں نے اسے اپنے سر پر رکھا ہے تاکہ گھوڑے پر وزن نہ پڑے، بیربل نے اللہ شکر ادا کیا اور دے میرے مولا دوسرا بیوقوف بھی مل گیا اس کو کہا تم بھی میرے ساتھ چلو بیربل سوچنے لگا دو بیوقوف مل گئے تو یہ بھی بہت ہے اتنے میں دیکھا ایک شخص اپنے ساتھ باتیں کرتے ہوئے بھاگ رہا ہے بیربل نے اس سے پوچھا کیوں بھاگ رہے ہو اس نے کہا میں اپنی آواز کو پکڑنے کے لئے بھاگ رہا ہوں بیربل نے اسے بھی ساتھ چلنے کو کہا تو بیربل واپس محل کی طرف روانہ ہوا تو دیکھا محل کے سامنے ایک شخص کچھ ڈھونڈ رہا ہے بیربل نے پوچھا کیا ڈھونڈ رہے ہو اس شخص نے کہا محل کے دوسری طرف میری انگھوٹی کھو گئی ہے تو بیربل نے کہا تو اسی طرف ڈھونڈو اس شخص نے جواب دیا جس طرف روشنی ہوگی تو میں اسی طرف ڈھونڈوں گا بیربل نے ایک بار پھر شکر ادا کیا کہ 4 بیوقوف مل گئے وہ ان کو لیکر بادشاہ کے سامنے پیش ہوا تو بادشاہ نے پوچھا تم نے یہ کیسے اندازہ لگایا کہ یہ چاروں بیوقوف ہے بیربل نے بادشاہ کو ان کے تمام کرتوت بتائے تو بادشاہ نے پوچھا یہ تو 4 ہیں باقی دو کہاں ہے بیربل نے کہا بادشاہ سلامت جان کی امان پاؤں تو کچھ عرض کروں بادشاہ کہا اجازت ہے بیربل نے کہا حضور 4 یہ ہیں، ان میں سے جو 2 باقی بچتے ہیں ایک آپ ہے اور میں ہوں وہ اس طرح کی آپ نے احمقانہ خواہش پیش کی اور میں نے اس احمقانہ خواہش کو پورا کرنے کی حامی بھر لی دوستوں یہ اتنی بڑی مثال میں نے اس لئے دی کہ گزشتہ روز میں نے بلوچستان لیویز کو 3 ڈسٹرکٹ میں لیویز فورس کو پولیس میں مرج کرنے کے بارے میں لکھا تھا تحقیقات کرنے سے پتہ چلا کہ کچھ عرصہ پہلے صوبائی حکومت کی جانب سے ایک لیٹر ایشو کیا گیا تھا کہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ میں لیویز فورس ڈپٹی سرانجام دیگا وہ لیٹر آج تک محکمہ داخلہ کی طرف سے واپس نہیں لیا گیا کہ نئے احکامات صادر فرمائے گئے آپ خود سوچئے 2010 کے BLF ایکٹ کے تحت لیویز اپنے ایکٹ کے تحت کام کرتا ہے اور پولیس اپنے 2001 کے ایکٹ کے تحت کام کرتا ہے تو یہ دونوں کیسے یکجا کارروائی کر سکتے ہیں اگر خدانخواستہ کوئی مس ایپ ہو جائے اس کا ذمے دار کون ہوگا لیویز یا پولیس؟ اس کو سزا کون دیگا میری معلومات کے مطابق بلوچستان لیویز فورس کے تمام اثاثہ جات کی ملکیت ڈی جی لیویز کے پاس ہے، وہ اپنے اثاثے کیسے پولیس کو دیں گے اگر دے بھی دے تو اس کے پٹرول اور مرمت کا ذمے دار کون ہوگا اس کا بہت کہا سے آئے گا اگر پٹرول ڈپٹی کمشنر نے ہی دینا ہے تو اس کا حساب کتاب کیسے ہوگا یہ گاڑیاں کیسے چلیں گی کہاں کہاں چلیں گی ان کے مرمت کا ذمے دار کون ہوگا؟ اس پولیس اور لیویز کے مرج کے بارے میں ایک کیس بلوچستان ہائی کورٹ میں زیر التوا ہے اس کا فیصلہ بھی نہیں آیا؟ تو فیصلہ نہ آنے کے باوجود یہ مرج والا لیٹر کیسے ایشو کیا گیا؟ لہٰذا عام عوام کی طرف سے اپنے بیوروکریسی جس میں بہت ہی قابل آفیسرز موجود ہیں ان سے گزارش کرتے ہیں کہ اگر بادشاہ سلامت ایسے احکامات صادر فرماتے ہیں تو آپ لوگ کیسے حاں میں حاں ملا کر اس پر عمل درآمد کرتے ہیں؟ اگر ہمارے بادشاہ سلامت احکامات فرما کر کئی باتیں بھول جاتے ہیں یا ان کو قانون کا نہیں پتہ آپ لوگ تو سب کچھ جانتے ہیں ہر (سی ایس پی) اور (پی سی ایس) آفسر نے قانون پڑھا ہوتا ہے اس کے باوجود آپ لوگوں کی طرف ایسے غیر قانونی دھماکے کرنا تمام صوبے کے عوام کے ساتھ ظلم و زیادتی ہے یہاں قبائلی معاشرہ ہے کسی قبائلی تصادم یا زمینوں کے قبضے کی صورت میں لیویز فورس ڈپٹی کمشنر کی سرپرستی میں اسے بہتر انداز میں حل کر سکتا ہے یہ نسبت پولیس کے، اس کی مثال یہ ہیں جب سے لیویز فورس کو جدید اسلحہ مہیا کیا گیا ہے اس کے بعد کئی ڈسٹرکٹ میں دہشت گردی 90 فیصد کم ہو گیا ہے، اس نے احکامات کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس کو صرف ایک ڈاک خانہ بنا دیا گیا ہے۔ اس سے پہلے بھی 2001 کے آرڈنس میں ڈپٹی کمشنر کو ختم کر کے یہ تجربا کیا گیا تھا جس کا نقصان بلوچستان کے عوام آج تک بھگت رہے ہیں۔

.....

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

کرسمس کیا ہے؟؟

کل پوری دنیا میں کرسمس مسیحی برادری کا تہوار تھا متعدد روایات کے مطابق یسوع مسیح کی پیدائش سے صدیوں پہلے سے منایا جاتا ہے۔ کرسمس کے 12 دن آگ روشن کی جاتی تھی، جلانے کی لکڑی تحفے میں دینے کا رواج عام تھا۔ ترانہ کرسمس بھی گھر گھر گیا جاتا تھا۔ مقدس دن کے میلوں اور چرچ کے جلوسوں کو ابتدائی طور پر میسوپوٹامیز سے جوڑا جا سکتا ہے جو کرسمس مناتے تھے۔ میسوپوٹامیز کئی خداؤں پر یقین رکھتے تھے، ان کا چیف گارڈ یعنی سردار خدا ہوتا تھا جو مدارک کہلاتا تھا۔ ان کا عقیدہ تھا کہ مدارک بدنظمی کے عفریت سے جنگ کرتا ہے اور اس جدوجہد میں مدارک اور اس کا ساتھ دینے کے لیے میسوپوٹامیز نئے سال کی تقریبات کا انعقاد ہر سال موسم سرما میں منایا کرتے تھے۔ "ژک موک" نامی یہ تہوار جو نئے سال کی آمد کی خوشی میں 12 دن پہلے منایا جاتا تھا اب کرسمس کے نام سے منایا جاتا ہے۔ رومن اپنے خدا "سیٹرن" کا جشن مناتے تھے۔ ان کا تہوار "ایشور یلیا" کہلاتا اور یہ دسمبر کے وسط سے شروع ہو کر یکم جنوری تک جاری رہتا۔ مختلف بہروپ بدل کر گلیوں میں گھومنا، دوستوں سے ملاقات اور تحائف کے تبادلے اس تہوار میں شامل تھے۔ رومن اپنے گھروں کو سرسبز درختوں سے سجاتے جن میں موم بتیاں روشن کی جاتی تھیں۔ آقا و غلام اپنی جگہ تبدیل کرتے تھے جو یشور یلیا رومیوں کے لیے ایک تفریح ہوا کرتی تھی لیکن مسیحی اس تہوار کو تفریح سمجھ کر نہیں مناتے تھے۔ جیسے جیسے مسیحیت پھیلتی گئی ان کی تقریبات میں بھی رومیوں کی طرح رسمیں فروغ پانے لگی

شال بقیہ 1

نے کہا کہ قوم قائداعظم کی امید، جرأت اور اتحاد کے پیغام پر عمل پیرا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری کردہ نوٹ میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے بابائے قوم کے یوم ولادت پر اپنے پیغام میں کہا کہ پوری قوم قائداعظم کا یوم پیدائش بھرپور جوش و جذبہ سے منارہی ہے۔ پاک فوج کے سربراہ نے اپنے پیغام میں مزید کہا کہ قوم قائد کی امید، جرات اور اتحاد کے پیغام پر عمل پیرا ہے، ایمان، اتحاد، نظم وضبط ہمیشہ ہمارے بنیادی اصول رہے جب کہ دنیا کی کوئی قوت پاکستان کو ختم نہیں کرسکتی

شال بقیہ 2

مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی، آئی جی ایف سی (نارتھ) میجر جنرل فیاض حسین شاہ، صوبائی وزراانجینئر زمرک خان اچکزئی، میرضیاءاللہ لانگو، نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود لونی، سینیٹر انوارالحق کاکڑ، کمشنر بی ڈویژن سید فیصل شاہ، آغا عمر احمد زئی و دیگر بھی موجود تھے۔ اس سے قبل مہمانوں کو چاک و چوبند دستے نے سلامی دی۔ اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے پرچم کشائی کی مہمانوں کو پشتون و بلوچ دستار پہنائے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ جس ذات نے انسان کو بنایا وہ اس کے رگ رگ سے واقف ہیں، زیارت جہاں بانی پاکستان نے زندگی کے آخری ایام گزارے ہیں یہاں آکر ہمیں پاکستانیت کا احساس ہوتا ہے 25 دسمبر کا دن اس لیے بھی ضروری ہے کہ ہم یہاں سے کیا سوچ لے کر جاتے ہیں کہ جس مقصد کیلئے ملک بنا تھا اس کیلئے کیا کرسکیں گے، دنیا میں بہت کم ایسے لوگ پیدا ہوتے ہیں جو اقوام کی سوچ کو تبدیل کرکے انہیں ایک مقصد دیتے ہیں جن میں قائداعظم محمد علی جناح جیسی عظیم شخصیت بھی شامل ہیں جنہوں نے ایک قوم کو ایک ملک بنا دیا ان میں وہ خصوصیات تھیں جس کی وجہ سے آج ہم یہاں ایک آزاد ریاست میں بیٹھے ہیں جناح کی قیادت پر یہاں کے لوگوں نے اندھا اعتماد کیا۔ محمد علی جناح دنیا کیلئے ایک ٹیکر اور پاکستان کیلئے ایک انمول تحفہ ہے اگر ہم چاہیے تو ہم بھی قائداعظم بن سکتے ہیں قائداعظم کی یہ سوچ تھی کہ لوگوں کو اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہوگا ہر شخص اپنی فیلڈ میں اپنی سوچ کے ذریعے ایک قائداعظم بن سکتا ہے لیکن پھر لوگوں میں ایک سوچ کہ بڑے بڑے لوگ موجود ہیں میں کیسے بڑا آدمی ہوسکتا ہوں مایوسی پھیلا دیتا ہے، انسان کے دل میں یہ کیفیت کہ میں نے اپنی حد تک کوشش کی یہ انسان کو ایک اطمینان دیتا ہے آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہمیں اپنی زندگی میں ایک وژن کے تحت ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا تو وہ وقت دور نہیں کہ پاکستان ایک ترقی یافتہ ملک بن سکے گا۔ قائداعظم اور علامہ محمد اقبال کی سوچ کے تحت احساس کرنے سے ہماری سوچ بدل سکتی ہے۔ ہمیں اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ انصاف کرنا ہوگا پہلے سب سے زیادہ ذمہ داری میری اور پھر آپ کی ذمہ داری بنتی ہے۔ ہمیں اپنے دلوں میں ایک دوسرے کیلئے جگہ بنانا ہوگی اور دلوں سے تنگ نظری ختم کرنا ہوگا ہم سب رہیں گے لیکن شناخت صرف ملک سے ہوگا بلکہ ترقی و خوشحالی بھی میسر آئے گا، جب ملک خوشحال ہوگا تو ہم اپنے آپ پر فخر کریں گے ملک کمزور ہوگا تو ہم کمزور ہوں گے، تکالیف کا ان سے پوچھا جائے کہ جنہوں نے مشکلات، جنگیں دیکھی ہے، یہ خطہ بڑا خوش قسمت ہیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہر نعمت سے نوازا ہے اگر ہم کام نہیں کریں گے تو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا اس عزم کا اعادہ کرنا ہوگا کہ اپنے آئندہ کے نسلوں کیلئے ایک ترقی یافتہ وطن چھوڑیں گے۔

شال بقیہ 3

کے مزید 2 ہزار 152 کیسز سامنے آئے ہیں، ملک میں 85 اموات میں سے 77 اموات ہسپتالوں میں اور 8 گھروں پر ہوئیں، ایک ہزار 824 مریض اس بیماری سے شفایاب ہو گئے۔ ملک کے 615 ہسپتالوں میں 2886 کورونا مریض زیر علاج ہیں کورونا مریضوں کی تعداد کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں پاکستان ایک بار پھر 29 ویں نمبر سے 28 ویں پر آگیا ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 9 ہزار 753 ہوگئی ہے، جبکہ کل مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 67 ہزار 222 ہوچکی ہے۔ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے مزید 39 ہزار 435 ٹیسٹ کیئے گئے، کورونا کیسز مثبت آنے کی شرح 5 اعشاریہ 4 رہی، جبکہ اب تک کل 64 لاکھ 82 ہزار 889 ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے ملک بھر میں کل 38 ہزار 511 مریض اسپتالوں، قرنطینہ مراکز اور گھروں میں آئسولیشن میں ہیں، جن میں سے 2 ہزار 382 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، جبکہ 4 لاکھ 18 ہزار 958 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دوسرے صوبوں سے زیادہ 2 لاکھ 8 ہزار 514 ہوچکی ہے، جبکہ کل اموات 3 ہزار 440 ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 1 لاکھ 34 ہزار 345 مریض سامنے آئے ہیں، جبکہ کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے بڑھ کر 3 ہزار 831 ہوگئیں۔ خیبر پختون خوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 56 ہزار 544 ہوچکی ہے، جبکہ اس سے کل اموات 1 ہزار 585 ہوگئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 36 ہزار 844 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں جبکہ اب تک کل 402 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں 18 ہزار 28 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 181 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 8 ہزار 103 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ اس کے باعث اب تک کل 213 مریض وفات پا چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں 4 ہزار 844 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں جبکہ اس سے 101 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 4

توثیق کردی۔ اسلم غوری نے کہا کہ جماعت سے خارج کیے گئے افراد کو فیصلے کی کاپیاں بھجوا دی گئی ہیں اور ان کے بیانات اور رائے کا پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ 21 دسمبر کو جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینئر رہنما اور اسلامی نظریاتی کونسل کے سابق چیئرمین مولانا محمد خان شیرانی نے کوئٹہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن سے اختلاف سے متعلق واضح جواب دیے بغیر کہا تھا کہ ہماری قسمت ایسی ہے کہ علما اور قومی زعما جب ان پر صاف ستھرا جھوٹ ثابت ہوجائے نہ وہ شرماتے ہیں نہ ان کے چہرے پر نہ آنکھوں میں کوئی تلخیم آتا ہے، بڑی ڈھٹائی سے کہتے ہیں کہ یہ تو حکمت عملی ہے اور جب وعدہ خلافی ان پر ثابت ہوجائے تو کھل کھلا کر کہتے ہیں کہ یہ تو سیاست ہے، رات گئی بات گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ جب دھوکا ثابت ہوجائے تو پھر بڑے آرام سے تکیہ لگا کر کہتے ہیں کہ یہ تو مصلحت ہے، جب خود غرضی ثابت ہوجائے تو کہتے ہیں کہ یہ تو دانائی ہے۔ مولانا محمد خان شیرانی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن نے میرے ساتھ تو دھوکا نہیں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کی تحریک خاصیت برائے مفاہمت ہے تاکہ ان کو بھی حصہ ملے۔ دوسری جانب پارٹی کے ایک اور سینئر رہنما حافظ حسین احمد نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ مولانا فضل الرحمن جس اسٹیبلی کو جعلی کہتے تھے وہاں سے صدارتی الیکشن لڑا اور ان کے بیٹے بھی وہیں موجود ہیں۔ پیل ازیں نومبر میں نواز شریف کے بیانیے سے اختلاف کرنے پر بے یو آئی (ف) نے حافظ حسین احمد کو مرکزی ترجمان کے عہدے سے ہٹا دیا تھا اور انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا تھا۔ حافظ حسین احمد نے نواز شریف کے کوئٹہ میں بیان سے اختلاف کیا تھا۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ مولانا شیرانی کی بات کو اسٹیبلشمنٹ، پی ٹی آئی سپورٹ کر رہی ہے، میں جنرل نیازی نہیں کہ ہتھیار پھینک کر سرینڈر کردوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نااہل حکومت کے خلاف لڑ رہے ہیں، اتفاق ہے کہ حکومت کو جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں جنرل نیازی نہیں کہ ہتھیار پھینک کر سرینڈر کردوں۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ پولیس کہتی ہے کہ آپ کی سیکیورٹی کلوز کرنے کے لیے دباؤ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا شیرانی کی بات کو اسٹیبلشمنٹ، پی ٹی آئی سپورٹ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوری میں کراچی میں اسرائیلی مردہ باد ریلی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فیکٹشل لیگ اسٹیبلشمنٹ کی پی ٹیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے استعفیٰ اور عام انتخابات کا اعلان کرے پھر بات چیت ہوسکتی ہے

شال بقیہ 5

پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر پختہ یقین تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم تمام شعبوں میں ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قائد کو خراج عقیدت پیش کریں، ایک نئے قومی جذبے کیساتھ قائد کے نظریات ایمان، اتحاد اور تنظیم کو پھر سے زندہ کریں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ آیئے ہم قائد کے نظریات اتحاد، عقیدے اور نظم وضبط کو ایک نئی قومی روح کیساتھ زندہ کریں۔

شال بقیہ 6

ہے، پاکستان ڈیموکریٹک الائنس کا بیانیہ کسی طرح سے بھی جمہوری نہیں ہے کیونکہ ان کا مطالبہ یہ ہے کہ ادارے ایک منتخب جمہوری حکومت کو ہٹا دیں، یہ مطالبہ انتہائی مضحکہ خیز ہے، جمہوری حکومت شفاف الیکشن کے ذریعے وجود میں آئی، جس کی گواہی فافن سمیت بین الاقوامی اداروں نے دی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ 2013 کے الیکشن کا موازنہ کیا جائے جس میں تحریک انصاف نے تحریک چلائی تھی، ہم نے جمہوری طریقے سے تمام مراحل کو طے کیا، الیکشن کمیشن کے پاس گئے، سپریم کورٹ کی طرف گئے، جوڈیشل کمیشن بنا، ہمارا مطالبہ تھا چار حلقوں کو کھولا جائے اور اسی کی بنیاد پر چار کھولے گئے اور دھاندلی ثابت ہوئی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہم نے پارلیمنٹ میں سوال اٹھایا، کیا یہ اقدام پی ڈی ایم نے اٹھایا، جمہوریت کی دعویدار سیاسی جماعتیں کیا کسی پلیٹ فارم پر گئے، الیکشن کمیشن کے پاس گئے؟ عدلیہ جیسے ادارے سے استدعا کی، کیا پارلیمنٹ میں معاملہ اٹھایا، کیا کسی کمیٹی میں معاملہ اٹھایا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ 2018ء کے الیکشن کے حوالے سے ان کے پاس ثبوت کیا ہے؟ اگر ثبوت ہیں تو پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی حیثیت کو تحریک انصاف نے آشکار کیا اور لوگوں نے 2018ء میں ان کو ووٹ نہیں دیا لوگوں کو پتہ چل گیا تھا نہ آپ صادق ہیں نہ امین ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ جب ان کو این او نہیں ملا تو دو سال بعد اٹھ کر تحریک شروع کردی، ثبوت بھی نہیں اور نہ ہی جمہوری طریقہ کار اختیار کیا جس سے ثابت ہوسکے کوئی دھاندلی ہوئی ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص پی ڈی ایم کی تحریک کی سربراہی کر رہا ہے؟ اس کے خلاف اپنی پارٹی میں تحریک شروع ہوچکی ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر علی امین گنڈاپور نے کہا کہ کچھ دن پہلے مولانا فضل الرحمن سے میں نے سوالات کئے تھے ان کے جوابات نہیں آئے؟ مولانا فضل الرحمن تم قانون سے بالا دست نہیں ہو، آپ کو حرام کی چوری کا جواب دینا پڑیگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آپ کی پارٹی آپ کے بارے میں کیا کہہ رہی ہیں، مولانا شیرانی، حافظ حسین نے بھی کچھ سوالات کئے ہیں؟ ان کے جوابات قوم چاہتی ہے، مولانا شیرانی نے کہا کہ تم جھوٹ بولتے ہوں اور خود سلیکٹڈ ہو اور چوروں کو بچانے کیلئے مدرسے کے بچے اور پارٹی کو استعمال کررہے ہو، ذاتی مفاد کیلئے مذہب کا استعمال کیا؟ قوم پوچھتی ہے کہ اگر آپ نے چوری نہیں کی تو اداروں کا سامنے کرنے کے بجائے دھمکیاں کیوں دے رہے ہو۔

شال بقیہ 7

قوانین کے حوالے سے تجاویز پیش کیں جسے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے سراہا گیا اور انھوں نے قانون سازی، ترامیم اور دیگر اہم معاملات پر وکلاء کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے، اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری قانون سازی قومی اسمبلی مشتاق احمد بھی موجود تھے جنھوں نے وفد کو قومی اسمبلی میں قانون سازی اور مختلف ترامیم کے مراحل پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وکالت کا پیشہ ایک عظیم پیشہ ہے مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ آج وکلاء کا اتنا بڑا وفد اس جگہ پر آیا ہے جو پاکستان کا سب سے بڑا قانون ساز ادارہ ہے یہیں پر سارے قوانین بنتے ہیں اور ترامیم ہوتی ہیں اور انہی قوانین کی بنیاد پر وکلاء عدالتوں میں مقدمات لڑتے ہیں، ہماری حکومت کو آئے ہوئے سوا دو سال ہوئے ہیں اس دوران ہماری پوری کوشش رہی ہے کہ عوامی مفاد میں زیادہ سے زیادہ قانون سازی کی جائے۔ انھوں نے کہا کہ ہم نے گزشتہ دنوں لفاف کا قانون بھی پاس کروایا اور ابھی وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ وہ سینیٹ کے انتخابات میں شو آف ہینڈ کا قانون لانا چاہتے ہیں اور ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ہم قومی اسمبلی اور سینیٹ میں اس قانون کو پاس کروا سکیں چونکہ ہمیں دو تہائی اکثریت حاصل نہیں ہے اس لیے ہم اپوزیشن سے بھی یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ اس شفاف قانون سازی کے حق میں اپنا حصہ ڈالے گی۔

شال بقیہ 8

حکومت سے رابطے میں ہیں کریں۔ بلوچ کی میت کو انکے آبائی علاقے ذمہ داری کے ساتھ پہنچائیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو پی اے پی کی رہنما شانیہ خان، ورچین مری اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے سینٹ کے انتخابات پر کام شروع کردیا ہے گزشتہ شب وزیراعلیٰ نے پارٹی کے پارلیمانی ارکان کا اجلاس بلایا تھا جس میں مختلف امور پر مشاورت کی گئی جلد ہی پارٹی اپنے امیدواروں کا فیصلہ کرلے گی گزشتہ شب عشائیے میں کچھ ارکان کوئٹہ شہر سے باہر ہونے کی وجہ سے نہیں آسکے ایسی کوئی بات نہیں کہ پارٹی میں کوئی اختلاف ہے حکومت مستحکم ہے اور اسے اپنک کوئی خطرہ نہیں پارٹیوں میں اختلافات ہوتے ہیں لیکن بی اے پی جس جمہوری انداز میں معاملات لے کر چل رہی ہے۔

شال بقیہ 9

جبکہ 39 افراد نے خودکشی کرکے اپنی زندگیوں کا خاتمہ کیا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق رواں برس 11 ماہ کے دوران بم دھماکوں کے 10 واقعات پیش آئے ان میں 79 افراد جاں بحق ہوئے، مختلف اضلاع میں ٹارگٹ کلنگ کے 113 واقعات میں 124 افراد جاں بحق ہوئے، قتل کے 113 واقعات میں 143 افراد جان کی بازی ہار گئے، صوبے میں غیرت کے نام پر 33 واقعات میں 50 افراد کو قتل کیا گیا، رواں برس مختلف اضلاع میں 84 لاشیں ملیں، 39 افراد نے خودکشی کی اور 7 بچوں کو زیادتی کے بعد قتل کیا گیا، صوبے میں اغواء کے 9 واقعات پیش آئے۔

شال بقیہ 10

میں انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری کو کرسمس تہوار پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی اور ایک دوسرے کے عقائد و نظریات کے احترام کے ذریعے ہی امن اور ترقی کے عمل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی و خوشحالی اور دنیا بھر میں امن کے فروغ کیلئے بین المذاہب ہم آہنگی انتہائی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے تمام مذاہب امن، محبت، برداشت اور انسانیت کے احترام کا درس دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن کے قیام کیلئے بین المذاہب مکالمہ ضروری ہے، انفرادی اور اجتماعی فلاح و بہبود کیلئے مل کر کوششیں کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت مسلمان حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پیغمبر کے طور پر ہمارے لئے قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امن و محبت کا پیغام اور تعلیمات ہمارے لئے اتنی ہی اہم ہے جتنی ہمارے مسیحی بھائیوں اور بہنوں کیلئے اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری پاکستان کی ترقی و خوشحالی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان بالا، بھی ملک میں بسنے والی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہا ہے، اس حوالے سے موثر قانون سازی بھی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے۔

شال بقیہ 11

مطالعہ کریں، صرف محنتی شخص ہی مشکل مقصد حاصل کرسکتا ہے، والدین اور اساتذہ ابتدائی عمر سے ہی نوجوان نسل کی کردار سازی میں اپنا کردار ادا کریں، پاکستان قائد کی امانت ہیں اور اب نوجوان نسل کی ذمہ داری ہیکہ وہ ملک کو مضبوط اور خوشحال بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کے بارے میں کوئی شبہ نہیں ہونا چاہئے، عروج ہمارا مقدر ہے، عصر حاضر میں ملک کی ترقی کے لئے جدید علوم کا مطالعہ اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد نے 11 اگست 1947 کے خطاب میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کا وعدہ کیا تھا، بچے ایمان، اتحاد اور تنظیم کے رہنما اصولوں کو اپنائیں

شال بقیہ 12

تعداد میں اسلحہ و گولا بارود برآمد کرلیا ہے جہاں گزشتہ روز ایک چوکی پر تخریب کاروں نے راکٹ فائر کئے جن میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تھا اس کے بعد لیویز اور دیگر سیکورٹی رموز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کردی جس کی نگرانی کے لئے ضلعی انتظامیہ وہاں موجود رہی ہے لیویز فورس نے علاقے میں حساس ادارے کی خفیہ اطلاع پر علاقے میں ایک غار کے اندر چھپایا گیا بھاری اور روسی ساخت اسلحہ بھاری تعداد میں برآمد کرلیا ہے اسلحے میں ایک عدد اینٹی ایئر کرافٹ گن، ایئر کرافٹ رونڈ 68 عدد، آر پی جی سیون کے 20 عدد رونڈ، اینٹی پرسنل بم 11 عدد، ہینگروں کی تعداد میں رونڈ شامل ہیں اسلحہ صوبے میں تخریب کاری کے لئے استعمال ہونا تھا تاہم لیویز فورس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ برآمد کرکے تخریب کاروں کے منصوبے کو ناکام بنایا ہے تخریب کار تحصیل کاہان میں سڑکوں اور ترقیاتی کاموں کے منصوبوں کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتے تھے ہماری بروقت کارروائی نے ان کے منصوبے کو ناکام بنا دیا ہے لیویز و دیگر سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کی وجہ سے ضلع میں امن و امان اور ترقی کا آغاز ہوا ہے تخریب کاروں کی سرکوبی کی جاری جلد انہیں گرفتار کرنے میں ہماری فورس کامیاب ہوگی۔

شال بقیہ 13

کی تعداد 18061 ہوگئی جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کا شکار 18 افراد صحت یاب ہوگئے جس کے بعد مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 17582 ہوگئی جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 298 ہے رپورٹ کے مطابق کورونا وائرس سے اب تک 181 اموات ہوچکی ہیں جبکہ 88 افراد کے ٹیسٹ نتائج آنے باقی ہیں۔

شال بقیہ 14

کی خوشی میں شریک ہیں سردار یار محمد رند نے کہا ہے پاکستان اور اسکے آئین میں اقلیت کو جو حقوق دیئے گئے ہیں ان پر مکمل عمل درآمد جاری ہے اور خوش آئند بات یہ ہے کہ آج تک پاکستان نے مسیحی برادری سمیت دیگر مذہبی اقلیتوں کو برابر کا شہری سمجھا ہے اور مسیحی برادری سمیت ملک اور بلوچستان میں بسنے والی دیگر تمام اقلیتوں کو اپنی مذہبی عبادات کی ادائیگی کی مکمل آزادی حاصل ہے جس کی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی۔ حال ہی میں بلوچستان میں پاکستان تحریک انصاف اور بی اے پی کی اتحادی حکومت نے اقلیتی برادری کیلئے بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں مختص نشستوں میں اضافہ کیا ہے جو کہ کرسمس کے موقع پر اقلیتی برادری کو ہماری اتحادی حکومت کا ایک تحفہ ہے۔

شال بقیہ 15

اور قائداعظم نے ہم سب کے لئے آزادی حاصل کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو مکمل حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں درپیش مشکلات کا سامنا کرکے ہمیں آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرقہ واریت اور شدت پسندی جیسے ملک دشمن عناصر سے چھٹکارا حاصل کرکے ایک متحد اور یکجا قوم بن کر آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں قائد کے پیغام کو نہ صرف یاد رکھنا ہے بلکہ اس پر عمل پیرا ہونے کا عزم بھی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کی ترقی میں ہماری ترقی ہے ہمیں بحیثیت قوم آگے بڑھنا ہے اور اندرونی و بیرونی خطرات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ایمان اتحاد اور تنظیم کے اصول پر عمل پیرا ہوتے ہوئے منظم طریقے سے ترقی کی منازل کا سفر طے کرنے کا عہد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ملک و معاشرے کو خشیات جیسی برائی سے ہمیشہ کے لئے پاک کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پوری قوم یکجا ہو اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرے تو قائداعظم کے الفاظ کے مطابق کوئی دنیا کی طاقت پاکستان کو ختم نہیں کرسکتی۔ پاکستان پائندہ باد۔

شال بقیہ 16

حکومت نئے پاکستان کی طرف گامزن ہے اور جلد پاکستان کو قائداعظم کا پاکستان بنائیں گے۔ فیصل جاوید نے کہا کہ ماضی میں حکمرانوں نے صرف اپنی جائدادیں بنائیں اور عام آدمی کا کوئی خیال نہیں رکھا۔ انھوں نے کہا کہ قائداعظم کا پاکستان اس وقت بنے گا جب ملک سے کرپشن کا خاتمہ ہوگا۔ عوام کو فیصلہ کرنا ہے کہ ان کو کون سا پاکستان چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ وہ عمران خان سے درخواست کریں گے کہ تمام آرٹسٹوں کو بیلٹ کارڈ جاری کرنے کا حکم دیں۔ انھوں نے قائداعظم کا مجسمہ بنانے پر نقاب احمد چنگیزی کو خراج تحسین پیش کیا۔ چیئرمین پیس اینڈ گلچر مشعال ملک کا کہنا تھا کہ ہر پاکستانی کو قائداعظم سے پیار ہے اور آج قائداعظم کی بدولت آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ مشعال ملک کا کہنا تھا کہ آزادی کی تحریک غلامی کے خلاف تحریک تھی۔ انھوں نے کہا کہ آزادی کیا ہوتی ہے یہ مقبوضہ کشمیر کی عوام سے پوچھا جائے کیونکہ مقبوضہ کشمیر پاکستان کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں خون کی ہولی کھیل جا رہی ہے، کشمیری رہنماؤں کا اذیت دی جا رہی ہے۔ قائداعظم کا فرمان کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اس کی حقیقت آج بھی برحق ہے۔ ناہید منظور کا کہنا تھا کہ قائداعظم کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ آفتاب احمد چنگیزی کا کہنا تھا کہ قائداعظم کا مجسمہ بنانا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ تقریب میں میزبانی کے فرائض معروف دانشور نعیم اکرم قریشی نے ادا کیے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 17

اظہار انہوں نے کرسمس ڈے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا صوبائی مشیر نے اپنے ایک پیغام میں تمام مسیحی برادری کو مذہبی تہوار کرسمس پر صوبہ بلوچستان اور ملک کے مسیحی برادری کو مبارکباد دی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ مذہبی رواداری اور ہم آہنگی سے مختلف معاشرے کے افراد کے درمیان انسانیت کی فلاح و بہبود کا سوچ اجاگر کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی ایک دوسرے میں برداشت اور بھائی چارے کی فضا پیدا کرنے کی سوچ اجاگر ہوسکتی ہے صوبائی مشیر نے مزید کہا کہ میں تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ترقی کیلئے کوشاں ہوں اور اقلیتوں کے مسائل ہر فورم پر اجاگر کروں گا انہوں نے آخر میں کرسمس تہوار کا کیک بھی کاٹا۔

شال بقیہ 18

کورس میں رجسٹریشن کے لیے آرمی سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ سینٹر کے ٹیلیفون نمبر 071-5805599 اور موبائل نمبر 03215399030 پر رابطہ کریں یا پاکستان آرمی کی ویب سائٹ www.joinpakarm.gov.pk پر وزٹ کریں۔

شال بقیہ 19

ترسیلات کال سینٹرز، کمپیوٹر سروسز اور دیگر خدمات کی مد میں حاصل کی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن سید امین الحق نے پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی شعبے میں نمایاں ترقی ہمارے انقلابی اقدامات کا نتیجہ ہے۔

شال بقیہ 20

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے روزگاری اور مہنگائی اس وقت عروج پر ہے، کوئی استعفیٰ دے یا نہ دے اس سے غریب عوام کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ سراج الحق نے کہا کہ ہم نظام کے اس نظام کو بدلنا چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں غریب کے لئے ہر دروازہ کھلا رہے۔

شال بقیہ 21

پیسے مہنگا ہوگیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ ایک ہفتے میں ٹماٹر 8 روپے 29 پیسے فی کلو مہنگا ہوا جبکہ انڈے فی درجن 6 روپے 26 پیسے مزید مہنگے ہوئے، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 19 روپے 86 پیسے مہنگا ہوا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ گزشتہ ہفتے 10 اشیا کی قیمتوں میں کمی ہوئی، آلو 6 روپے 71 پیسے، پیاز 3 روپے 95 پیسے فی کلو سستا ہوا جبکہ مرغی 15 روپے 68 پیسے فی کلو سستی ہوئی، ایک ہفتہ میں دال مسور 3 روپے 3 پیسے فی کلو سستی ہوئی۔ دوسری جانب حالیہ ہفتے میں 21 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا۔

شال بقیہ 22

کیے گئے۔ ڈی ایس پی غازی شاہ نواز کی نگرانی میں تحصیل بھر میں مسیحی برادری کی عبادت گاہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی۔ ایس ایچ او تھانہ غازی خالد الرحمن نے سیکورٹی انتظامات کی خود نگرانی کی، انٹری پوائنٹس پر واک تھرو گیٹ نصب کئے گئے۔ اونچی عمارتوں پر ماہر نشانہ باز سنائپرز بھی تعینات کئے گئے، مسیحی برادری کی عبادگاہوں اور اردگرد علاقہ کو بم ڈسپوزل یونٹ کے ذریعے مکمل چیک کروایا گیا، اسسٹنٹ کمشنر محمد شوبین وسطرو۔ ایس ایچ او خالد الرحمن نے اوتھلیکل چرچ صنوبر، کیتھولک چرچ صوبرو سٹی اور چرچ آف پاکستان کا دورہ کیا اور سیکورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ چرچز انتظامیہ سے ملاقات کی اور سیکورٹی کے متعلق دریافت کیا جس پر چرچز انتظامیہ نے سیکورٹی کے انتظامات پر اعتماد کا اظہار کیا۔ ڈیوٹی پر تعینات جوانوں کو ہدایت دی کہ کرسمس کی تقریبات تک چوکس رہ کر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں۔

شال بقیہ 23

ضرورت ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ایسی قیادت جو پاکستان کے لیے قائداعظم کے جمہوری نظریات کی پاسداری کرے، قائداعظم کے مشن کو ابھی پایہ تکمیل پر پہنچانا باقی ہے۔ چیئرمین پی پی پی نے اپنے پیغام میں مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اسی نظریہ پاکستان کی حقیقی علمبردار ہے، جس کے خالق قائداعظم تھے۔

شال بقیہ 24

لکپاس کے مقام پر دوران چیکنگ دو ٹرکوں سے 70 ہزار لیٹر ایرانی ڈیزل برآمد کرلیا ترجمان کے مطابق 45 دنوں میں مختلف کارروائیوں میں ا

آزادی سے لیکر آج تک دشمنوں نے پاکستان کو تسلیم نہیں کیا، میجر جنرل فیاض حسین

یہ دن ہمیں اپنے عظیم قائد کی یاد دلاتی ہے کہ جنہوں نے اپنی جدوجہد اور وطن کے جذبے سے ایک آزاد ریاست پاکستان قائم کیا

کورونا وائرس جیسی مہلک بیماری کی وجہ سے پروگرام محدود ہے تاہم ہمیں ایس او پیز کا خاص خیال رکھنا ہے، آئی جی ایف سی

صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان عبدالخالق ہزارہ کو سیکریٹری کھیل میر عمران لگھی پرائیز پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل فیاض حسین شاہ نے کہا ہے کہ آزادی سے لیکر آج تک دشمنوں نے وطن عزیز کو تسلیم نہیں کیا، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت کے باعث وطن عزیز کو ایک سمت دی بلوچستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ہے لیکن عوام کی حمایت سے فوج، ایف سی، لیویز اور پولیس کی عظیم قربانیوں سے صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، بھارت میں مسلمانوں پر مظالم نے دوقومی نظریہ درست ثابت کیا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت ریزیڈنسی میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی یوم پیدائش 25 دسمبر کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال، کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی، صوبائی

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

حب کے صنعتی ایریا میں واقع فیکٹری کا بوسیدہ گیٹ نے سیکورٹی گارڈ کی جان لے لی

حب (آن لائن) حب کے صنعتی ایریا میں واقع فیکٹری کا بوسیدہ گیٹ نے سیکورٹی گارڈ کی جان لے لی ایدھی ذرائع کے مطابق صنعتی ایریا میں واقع شان کیمیکل فیکٹری کا گیٹ گرنے سے سیکیورٹی گارڈ 65 سالہ محمد داؤد ٹھیسو

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

قوم پرستوں اور مذہب پرستوں نے عوام کو آپس میں لڑا کر اپنے مفادات حاصل کئے، منظور احمد کاکڑ

بلوچستان کے عوام آج اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، لالا یوسف خلجی

نوجوان ہمارے ملک کا سرمایہ ہیں ہمیں نوجوانوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہوگا، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سینیٹر منظور احمد کاکڑ، بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ قوم پرستوں اور مذہب پرستوں نے عوام کو آپس میں لڑا کر اپنے مفادات حاصل کئے بلوچستان کے عوام آج اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں نوجوانوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہوگا کیونکہ تعلیم کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی نہیں کرسکتی پشتون قوم آپس میں اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں تو انکے

بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، سینیٹر خالد بزنجو

پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہمیں قائداعظم کے وضع کردہ اصولوں کے مطابق چلنا ہوگا

بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی ترقی کے لئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، رہنماء بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء سینیٹر میر خالد بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے، بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی ترقی کے لئے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، بھارت کی خام خیالی ہے کہ وہ فالس فلیگ آپریشن کر کے پاکستان کو نقصان پہنچا سکتا ہے پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، یہ بات انہوں نے یہاں جاری کردہ اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہمیں

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار بلوچستان قوم پرست رہنما ماما خیر بخش گولہ کی آٹھویں برسی کی تقریب سے بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما کامریڈ رفیق کھوسہ خطاب کر رہے ہیں

قائداعظم محمد علی جناح ایک سحر انگیز شخصیت کے مالک تھے، میر شیر خان لہڑی

کوئٹہ (پ ر) معروف سیاسی سماجی و قبائلی شخصیت میر شیر خان لہڑی نے قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے مناسبت کے حوالے سے اپنے آفس میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور قائداعظم محمد علی جناح کے پیدائش کے مناسبت سے میر شیر خان لہڑی نے کیک بھی کاٹا اس موقع پر میر شیر خان لہڑی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائداعظم محمد علی

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

میر خالد خان نے اپنے دور اقتدار میں نوجوانوں میں شعور اجاگر کیا، سردار نادر خان لانگو

کوئٹہ (این این آئی) لانگو قبیلے کے سربراہ سردار نادر خان لانگو نے گزشتہ روز تخت لانگو سردار کوٹ میں مختلف قبائل کے معززین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے علاقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا کر اور نوجوانوں کو مختلف محکموں میں

بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام بلوچ قوم پرست رہنما، ماما خیر بخش گولہ کی آٹھویں برسی منائی گئی

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام بلوچ قوم پرست رہنما، ماما خیر بخش گولہ کی آٹھویں برسی منائی گئی ضلع کونسل ہال میں منعقدہ برسی تقریب سے نیشنل پارٹی کے سینٹرل کمیٹی ممبر کامریڈ رفیق کھوسہ ضلعی جنرل سیکریٹری واجد روانت بلوچ عطاء اللہ مری خادم

بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی صحافتی آزادی پر یقین رکھتی ہے، صوبائی وزیر اطلاعات سندھ

نومنتخب عہدیداران اپنی پیشوارانہ ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے ادا کریں گے

روہڑی (نامہ نگار) صوبائی وزیر اطلاعات سندھ سید ناصر حسین کی جانب سے روہڑی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارک باد دیتے ہوئے امید کی ہے کہ نومنتخب عہدیداران اپنی پیشوارانہ ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے ادا کریں گے تفصیلات کے مطابق وزیر اطلاعات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں روہڑی پریس کلب کے نومنتخب صدر مجاہد بوزدار، جنرل سیکریٹری اے ڈی کھیتو، سینئر نائب صدر اسلم سومرو، جوائنٹ سیکریٹری حسن بلوچ، خازن محمد عثمان کھیتو، پریس سیکریٹری خالد شراز، آفس سیکریٹری بھال کشپر، ایگزیکٹو ممبر محمد شفیق شیخ، عبیداللہ لکھن

بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتوں کے استعفوں سے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو کوئی خطرہ لاحق نہیں، ثنانیہ خان

بلوچستان دن دگنی اور رات چگنی ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے صوبے کا مستقبل تابناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی خواتین ونگ کی مرکزی رہنماء ثنانیہ خان نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتوں کے استعفوں سے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو کوئی خطرہ لاحق نہیں، پی ڈی ایم استعفوں کا آپشن استعمال کرنے میں اب لیت و لعل سے کام لے رہی ہے کیونکہ عوامی جلسوں میں ناکامی کے بعد اب انہیں اس معاملے میں بھی شکست واضح نظر آرہی ہے، اپنے ایک بیان میں پی اے پی کی رہنماء ثنانیہ خان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی حکومت مضبوط ہے اور وزیر اعلیٰ کی قیادت میں موجودہ حکومت نے ریکارڈ ترقیاتی کام کر کے اپنی اہلیت ثابت کی ہے جو کہ جام کمال خان کی قائدانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں بی اے پی کے وفاقی و صوبائی وزراء سینیٹرز، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز اراکین صوبائی اسمبلی شریک ہیں

بالائی اور وسطی علاقوں میں (آج) سے بارش اور برفباری کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں (آج) ہفتہ سے بارش اور برفباری کے نئے سلسلے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اتوار تک گلگت بلتستان،

بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

بارہمولہ، معراج الدین نامی شہری لاپتہ ہوگیا

بھارتی فوجیوں نے معراج الدین کے گھر میں دو نوجوان شہید کر دیئے تھے، پلوامہ سے 5 نوجوان گرفتار

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ضلع بارہمولہ کے علاقے وانی گام کیری میں اس گھر کا مالک لاپتہ ہوگیا ہے جس میں بھارتی فوجیوں نے گزشتہ روز سوپور کے رہائشی ایک معروف فٹ بالر سمیت دو نوجوان شہید کر دیئے تھے۔ کشمیر میڈیا

بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

ہم جے یو آئی پاکستان میں ف ایک گروپ ہے، مولانا شیرانی

وزیر اعظم عمران خان کے چند فیصلے ملک کے عوام کیلئے ماقول تھی ہم جمعیت علماء اسلام پاکستان ہیں

(ف) ایک گروپ ہے ہم نے اپنے جماعت کے ساتھیوں کو مربوط کرنے کیلئے تربیتی اجتماعات کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنماء مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان کے چند فیصلے ملک کے عوام کیلئے ماقول تھی ہم جمعیت علماء اسلام پاکستان ہیں (ف) ایک گروپ ہے ہم نے اپنے جماعت کے ساتھیوں کو مربوط کرنے کیلئے تربیتی اجتماعات کر رہے ہیں مجھے نظر نہیں آرہا ہے کہ سیاسی جماعتوں میں جماعت اسلامی کے بغیر کوئی جماعت جمہوریت کی بنیاد پر قائم ہو پی ڈی ایم اور اسٹیبلشمنٹ یہ دونوں

بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوہلو لیویز فورس کی کاہان کے علاقے سوراف نالہ میں کامیاب کارروائی کے دوران برآمد ہونے والا اسلحہ میڈیا کو دکھایا جا رہا ہے

مغربی قوتیں نظریہ پاکستان کے تشخص کو بگاڑ رہی ہیں، اتحاد اہلسنت پاکستان

قائداعظم نے قوم کو ملک پاکستان کی صورت میں تحفہ دیا، علامہ داؤد محمد فریادی مدظلہ العالی

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ داؤد محمد فریادی مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ مغربی قوتیں نظریہ پاکستان کے تشخص کو بگاڑ رہی ہیں محمد علی جناح اور علامہ اقبال کے افکار و نظریات کا بہر صورت دفاع کریں گے شاعر مشرق علامہ اقبال نے پاکستان کیلئے خواب دیکھا جو قائداعظم محمد علی جناح نے پورا کیا نظریہ پاکستان اور اسلامی تشخص کو پامال کرنے نہیں دیں گے ناموس رسالت ﷺ اور ختم نبوت پر اکابرین پاکستان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنا تن من دھن سب قربان کردیں گے انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے قوم کو ملک پاکستان کی صورت میں تحفہ دیا بابائے قوم کرشماتی

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

حکومت اپوزیشن کالعدم جماعتوں سے ناطہ توڑیں، سپریم شیعہ علما بورڈ

مشرقی پاکستانی کے باسیوں کے احساس محرومی کے سبب بھارتی سازشیں پروان چڑھیں

کوئٹہ (آن لائن) سپریم شیعہ علما بورڈ کے سرپرست اعلیٰ قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کالعدم جماعتوں سے ناطہ توڑیں بصورت دیگر قائداعظم کے نام کی مالا جپنا چھوڑ دیں، قائداعظم کی روح کو تسکین پہنچانے کیلئے انتہا پسندی و تشدد کی حوصلہ شکنی اور تمام صوبوں مسالک اور اقلیتوں کے حقوق کی ادائیگی یقینی بنائی جوگی، مشرقی پاکستانی کے باسیوں

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

جمعیت علما اسلام نظریاتی محکوم و مظلوم اقوام کے دلوں کی دھڑکن اور ترجمان بن چکی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

نام نہاد لیڈروں نے مفادات اور خود غرضی کے باعث جمہوریت اور سیاست کو یرغمال بنا کر رکھا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی و قبائلی شخصیت محمد موسیٰ مینگل کی شمولیت کے موقع پر جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری حضرت مولانا مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حامی عبدالستار شاہ چشتی امیر اسلام آباد حافظ خیر محمد قاضی شمس الحق مرکزی نائب امیر حضرت مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی صدر عبدالرحیم صاحب خطاب کرتے ہوئے کہا

بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع سبی اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع سبی اور گرد و نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلہ 25 دسمبر کی صبح 5 بج کر 37 منٹ پر آیا جس کی شدت 3.9 ریکارڈ کی گئی زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی جس کا مرکز سبی سے 88 کلومیٹر دور مشرق میں تھا۔ تاہم

بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

25 دسمبر 1876 کو ایک عظیم رہنماء کا جنم ہوا جس نے برصغیر کے مسلمانوں کو علیحدہ وطن دیا، کاشف حیدری

قائداعظم محمد علی جناح قوم کے محسن اور عظیم لیڈر تھے بابائے قوم جیسے عظیم لیڈر صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سوشل ایکٹیویسٹ کاشف حیدری کی جانب سے بابائے قوم اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ اور حضرت عیسیٰ کی یوم ولادت کے موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں بابائے قوم اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ اور

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

دو دہائیوں سے سینڈک پروجیکٹ سے وسائل نکالے جا رہے ہیں، عبدالرحیم کاکڑ

بلوچستان کے تاجروں کو بائی پاس کیا جا رہا ہے جو کسی صورت ناقابل قبول ہے، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی قیوم آغا سعد اللہ اچکزئی حاجی خدائے دوست حاجی خلیل دھانی عمر کشانی حاجی اسحاق دشتی حاجی غلام حسین دشتی وہاب بلوچ حاجی واحد بخش بلوچ کاظم بلوچ حاجی آغا محمد حسنی کھری نور احمد

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے اسد اچکزئی کی عدم بازیابی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

محکمہ ایری گیشن ٹھیل شاخ کی بھل صفائی کے لیے سنجیدہ نہیں ہے

ایری گیشن حکام بھل صفائی کے لیے ملنے والا فنڈ ہڑپ کرنا چاہتے ہیں، محمد عامر کھوسہ

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ٹھیل شاخ کے زمینداروں محمد عامر کھوسہ محمد شعبان ڈومکی اور حضور بخش کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ ایری گیشن ٹھیل شاخ کی بھل صفائی کے لیے سنجیدہ نہیں ہے ایری گیشن حکام بھل صفائی کے لیے ملنے والا فنڈ ہڑپ کرنا چاہتے ہیں انکا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت نے ٹھیل شاخ کی بھل صفائی کے لیے ایک کروڑ روپے سے زائد کا فنڈ جاری کر دیا ہے تاہم حکام شاخ کی بھل صفائی کے کام میں لیت و لعل سے کام لے رہے ہیں زمینداروں کا یہ بھی کہنا تھا کہ دسمبر اور جنوری تک ٹھیل شاخ

بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

بھارت میں مسلمانوں سمیت تمام اقلیتیں ہندوؤں کے ظلم سے تنگ ہیں، پاکستان یوتھ ویمن موومنٹ

پاکستان قائداعظم کا احسان ہے جنہوں نے اپنی بصیرت سے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے الگ ملک قائم کیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ ویمن موومنٹ کے مرکزی اور صوبائی رہنماؤں نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو انکے 145 ویں یوم پیدائش پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان قائداعظم کا احسان ہے جنہوں نے اپنی بصیرت سے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے الگ ملک قائم کیا جس کی بدولت آج ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں ہم قائد

بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

انسانی حقوق کی کارکن اور سیاسی راہنما کریمہ بلوچ کی ٹورنٹو کینیڈا میں مبینہ قتل کے خلاف تربت میں ریلی اور مظاہرہ

ریلی بلوچ یکجہتی کمیٹی کیچ کی کال پر نکالی گئی، ریلی میں مرد و خواتین بڑی تعداد میں شریک تھے

تربت (آن لائن) انسانی حقوق کی کارکن اور سیاسی راہنما کریمہ بلوچ کی ٹورنٹو کینیڈا میں مبینہ قتل کے خلاف تربت میں ریلی اور مظاہرہ، ریلی بلوچ یکجہتی کمیٹی کیچ کی کال پر نکالی گئی، ریلی میں مرد و خواتین بڑی تعداد میں شریک تھے، مظاہرے سے بلوچستان سول سوسائٹی کے چیئرمین گلزار دوست، آل پارٹیز کیچ کے کنوینئر غلام یاسین، بی ایس او کے زونل صدر کریم بلوچ، بلوچ یکجہتی کمیٹی کیچ

بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

بہاولپور، شوگر ملز کے سامنے گنے سے لدی گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں

ضلع انتظامیہ اور کمشنر پنجاب کو مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے، کاشتکاروں کا مطالبہ

بہاولپور (این این آئی) ضلع بہاولپور میں گنے کے کرشنگ سیزن کا آغاز ہوتے ہی شوگر ملز کے سامنے گنے سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیوں اور ٹرالرز کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بہاولپور میں گنے کے کرشنگ سیزن کا آغاز ہوتے ہی شوگر ملز کے سامنے گنے سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیوں اور ٹرالرز کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں جس کے باعث کاشت کاروں کو گنے کی فروخت کے لیے کئی کئی دن انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔

سیاست اور صحافت کا چولی دامن کا ساتھ ہے، رانا احمد سعید

صحافی محنت و جانفشانی سے کام کر رہے ہیں نومنتخب تمام ممبران کو مبارک باد پیش کرتا ہوں

مانگا منڈی (این این آئی) سابق یوسی چیئرمین و صدر مسلم لیگ (ن) پی پی 171 رانا احمد سعید نے مرکزی پریس کلب مانگا منڈی کے ممبران کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا۔ سینئر صحافی صدر پریس کلب میاں الیاس سمیت پریس کلب کے دیگر صحافیوں نے عشائیہ میں شرکت کی۔ رانا احمد سعید نے کہا کہ میں صحافیوں کا بہت احترام کرتا ہوں، مقامی صحافیوں نے سیاست میں ہر قدم پر میری

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

زیارت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی، آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل فیاض حسین شاہ قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

قائداعظم اور میاں نواز شریف کی قوم کے لئے خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں، جمال شاہ کاکڑ

میاں نواز شریف نے وطن اور قوم کی خاطر جیل بھی کاٹی اور جلاوطن بھی ہوئے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی جانب سے صوبے کے تمام ڈویژنز میں قائداعظم محمد علی جناح اور مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف کی سالگرہ منا کر ذوں رہنماؤں کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا ہے قائداعظم اور میاں نواز شریف کی قوم کے لئے خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں

بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بی این پی کے مرکزی کال پر گوادر میں بائز لگانے کے خلاف پریس کلب کے سامنے ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

قلات (این این آئی) بی این پی کے مرکزی کال پر گوادر میں بائز لگانے کے خلاف پریس کلب کے سامنے ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرہ میں بی این پی کے ضلعی جنرل سیکرٹری احمد نواز بلوچ میر سہراب خان مینگل عبدالعلیم

بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

مسیحی برادری سمیت تمام اقلیتیں ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں، ہرپال داس پوجہ

تمبو (آن لائن) ہندو ناری پنچایت کے صدر ہرپال داس پوجہ نے کرسمس کے موقع پر تمام مسیحی برادری کو دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مسیحی برادری سمیت تمام اقلیتیں ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں جن کے حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے مسیحی برادری نے ہمیشہ ہندو سمیت دیگر اقوام کی غم و خوشی میں ان کا ساتھ

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور (رجسٹرڈ) برائے سال 2021 کیلئے کابینہ تشکیل دے دی گئی

جمل خان بلوچ صدر اور معشوق علی جکھرانی بلامقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے

صحبت پور (این این آئی) ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور (رجسٹرڈ) برائے سال 2021 کیلئے کابینہ تشکیل دے دی گئی۔ جمل خان بلوچ صدر اور معشوق علی جکھرانی بلامقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور (رجسٹرڈ) کی سال 2021 کیلئے نئی کابینہ کے الیکشن کا شیڈول جاری کر دیا گیا تھا۔ شیڈول کے مطابق 25 دسمبر کو نامزدگی فارم وصول کرنے تھے۔ الیکشن کمیٹی کے چیئرمین سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول صحبت پور عبدالحکیم مسیم اور ممبران سینئر ہیڈ ماسٹر رحمت اللہ بھنگر اور پی امیدیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر ٹیکر محمد کھوسہ تھے۔ اس موقع پر فارم وصول کا وقت مقرر تھا۔ مقررہ وقت میں ایک ہی پینل کے صدارتی امیدوار کیلئے

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ہمیں عمران خان سے نہیں ان کو لانے والوں سے مقابلہ کرنا ہوگا، محمود خان اچکزئی

مذاکرات فوج کے ساتھ سیاسی معاملات میں بالکل نہیں ہونی چاہیے اسٹیبلشمنٹ بھی اس ملک کا حصہ ہے

آئین ایک فیڈریشن ہے جس میں تمام اقوام بستے ہیں، سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

ڈپٹی کمشنر پشین قائم ارشادی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد ایوب اچکزئی اور دیگر ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال میں کرسمس کا کیک کاٹ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ آئین ایک فیڈریشن ہے جس میں تمام اقوام بستے ہیں اگر اقوام سے پوچھا جائے اسٹیبلشمنٹ یا پاکستان چاہیے ہم سب پاکستان کے حق میں ووٹ دینگے اس وطن میں ہمارے آباؤ اجداد کی قبریں ہیں اور ہمارے بچوں کا مستقبل ہے خدانخواستہ آئین کو اس سے فارغ کر دیا تو ملک کی بنیادیں ہل جائیں گی ہمیں عمران خان سے نہیں ان کو لانے والوں سے مقابلہ کرنا ہوگا ملک کو ان لوگوں کے حوالے کرنا چاہتے ہیں جو صحیح معنوں میں عوام کے نمائندے ہوں ہم اٹاک ملک ہے اور پارلیمان رہزن سٹیپ ہے ان

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

نوشکی کلی صاحبزادہ کی آبنوشی ٹیوب ویل دو سال گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہوسکا

نوشکی (این این آئی) نوشکی کلی صاحبزادہ کی آبنوشی ٹیوب ویل دو سال گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہوسکا کلی کے رہائشیوں کا ٹیوب ویل کے سامنے احتجاجی مظاہرہ، ایکسین پی ایچ ای ٹھیکیدار کے خلاف شدید نعرے بازی۔ ڈپٹی کمشنر، کمانڈنٹ نوشکی لیویز اور نیب کے اعلیٰ حکام سے ٹیوب ویل فنڈ ہڑپنے کے خلاف تحقیقات کا

بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

میر غلام محمد رحمانی نے پاکستان پی امیدیکل اسٹاف کے نومنتخب صدر آغا حافظ الرحمان شاہ اور انکی کابینہ کو مبارک باد دی

قلات (این این آئی) تاپچ کے قبائلی و سیاسی رہنما میر غلام محمد رحمانی نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں پاکستان پی امیدیکل اسٹاف کے نومنتخب صدر آغا حافظ الرحمان شاہ اور انکی کابینہ کو مبارک باد دی ہے۔

پاکستان کی آزادی ہمیں ایسے نہیں ملی لاکھوں مسلمانوں کی قربانی اس میں شامل ہے، محمد حسین گولہ

مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کی جمہوریت کیلئے جو قربانی ہے اسے فراموش نہیں کیا جاسکتا

صحبت پور (این این آئی) پاکستان کے بانی قائداعظم محمد علی جناح اور انکے جانشین پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف کی سالگرہ پاکستان مسلم لیگ ن ضلع صحبت پور کے زیر اہتمام منائی ہوئی میں منائی گئی۔ جس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) نصیر آباد ڈویژن کے صدر میاں محمد حسین گولہ مہمان خصوصی تھے۔ پاکستان مسلم لیگ ن ضلع صحبت پور کے صدر محمد اقبال مہای، سینئر نائب صدر محمد قاسم کلی، شیر زمان بگل حسن پرکانی اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں نے کثیر تعداد

بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

اسد اچکزئی کا خود اقدام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دعووں کی قلعی کھولنے کے لیے کافی ہے، مابت کاکا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے مرکزی سیکریٹری اطلاعات اسد اچکزئی کے اغوا واقعہ کے خلاف صوبائی جنرل سیکریٹری مابت کاکا کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکال کر مظاہرہ کیا گیا احتجاجی ریلی اور مظاہرے میں کارکنوں نے بڑی

بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد پاک سرزمین پارٹی کا شمولیتی پروگرام جمالی کالونی سیف اللہ جمالی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا

گنداخہ (نامہ نگار) اوستہ محمد پاک سرزمین پارٹی کا شمولیتی پروگرام جمالی کالونی سیف اللہ جمالی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا اس موقع پر غلام عباس جمالی رئیس امداد حسین جمالی عبدالغفور جمالی اللہ بخش جمالی حاصل خان جمالی ولی داد جمالی رئیس صدر خان جمالی علی حسن جمالی کمال خان جمالی نیک محمد جمالی گل بہار جمالی مولا بخش جمالی عبدالحق جمالی محمد عثمان جتک مزل حمید محمد اسماعیل حمید صدام حسین قادری جاوید جمالی و دیگر سینکڑوں افراد نے

بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

صوبائی اثاثوں پر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیں گے، عاصم کاظم روغجھو

بلوچستان وسائل پر یہاں کے بلوچ اقوام کا حق ہے، گوادر باز گوادر بلوچستان کے عوام کو محصور کرنے کا منصوبہ ہے

بلوچوں کو ترقی سے دور رکھنے کی سلیکٹڈ حکومت کی پالیسیاں نامنظور کرتے ہیں

بیلہ (آن لائن) صوبائی اثاثوں پر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیں گے بلوچستان وسائل پر یہاں کے بلوچ اقوام کا حق ہے گوادر باز گوادر بلوچستان کے عوام کو محصور کرنے کا منصوبہ ہے بلوچوں کو ترقی سے دور رکھنے کی سلیکٹڈ حکومت کی پالیسیاں نامنظور کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی لسبیلہ کے جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ عاصم کاظم روغجھو، بی ڈی ایم بیلا کے امیر مفتی محمد نعیم ترجمان یوسف راہی نیشنل پارٹی کے ممبر صوبائی کونسل عبدالواحد بلوچ، بی